آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily SHAL Quetta
شال کوئٹہ
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 38 | بروز ہفتہ 18 اپریل 2026ء بمطابق 27 شوال 1447ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 94

صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، وزیراعلیٰ

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالکریم کھیتران کی ملاقات، کوہ سلیمان ڈویژن بالخصوص ضلع بارکھان کی سیاسی وعلاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترقیاتی منصوبوں کی تشکیل پر مشاورت کی گئی

بلوچستان کے دور دراز اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں کے دائرہ کار کو مزید وسعت دی جا رہی ہے تاکہ محرومیوں کا خاتمہ ہو اور عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جا سکیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بارکھان کے قبائلی رہنما میر عبدالکریم کھیتران نے ملاقات کی جس میں کوہ سلیمان ڈویژن بالخصوص ضلع بارکھان کی سیاسی و علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ترقیاتی منصوبوں کی تشکیل پر مشاورت کی گئی اور اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ منصوبہ بندی کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جائے گا تاکہ حقیقی معنوں میں مقامی آبادی کو ریلیف مل سکے اس موقع پر میر عبدالکریم کھیتران نے بارکھان میں 50 بیڈز اسپتال سمیت دیگر اہم ترقیاتی منصوبوں بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

پاکستان جنگ کے خاتمے اور دیرپا امن کے قیام کیلئے کوشاں ہے، عاصم افتخار

آبنائے ہرمز کی صورتحال پاکستان پر منفی اثرات مرتب کر رہی ہے، عوام بھی اس سے متاثر ہو رہے ہیں، پاکستانی مندوب

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ پاکستان جنگ کے خاتمے اور دیرپا امن کے قیام کے مقصد کے حصول کیلئے کوشاں ہے۔ یو این میں آبنائے ہرمز بحران کے موضوع پر خطاب میں پاکستانی بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

انطالیہ: وزیراعظم شہباز شریف سے ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان ملاقات کر رہے ہیں

ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان کر دیا، تجارتی جہازوں کی آمد و رفت بحال

لبنان میں جنگ بندی کے بعد آبنائے ہرمز سیز فائر کی مدت کے دوران تجارتی بحری جہازوں کیلئے کھلی رہے گی، آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھلی ہے اور کاروبار کے لیے تیار ہے، عباس عراقچی

ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کو ایرانی پورٹ اور میری ٹائم آرگنائزیشن کے طے کردہ راستوں سے گزرنا ہوگا، تیل کی قیمتوں میں کمی

ایران کے حوالے سے بحری ناکہ بندی پوری طاقت اور موثر انداز میں برقرار رہے گی، یہ اسی وقت تک جاری رہے گی جب تک ایران کے ساتھ ہمارا لین دین 100 فیصد مکمل نہیں ہو جاتا، ٹرمپ کا بیان

تہران، واشنگٹن (این این آئی) ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان کر دیا جس کے بعد تجارتی جہازوں کی آمد و رفت بحال کر دی گئی۔ اپنے بیان میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ آبنائے ہرمز سے تمام تجارتی جہازوں کی آمد و رفت کو جنگ بندی کی باقی مدت کے لیے مکمل طور پر کھلا قرار دیا گیا ہے۔ عباس عراقچی نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ لبنان میں جنگ بندی کے بعد آبنائے ہرمز سیز فائر کی مدت کے دوران تجارتی بحری جہازوں کے لیے کھلی رہے گی۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ آبنائے ہرمز کمرشل شپنگ کے لیے مکمل طور پر کھول دی گئی، جنگ بندی کے دوران جہازوں کی آمد و رفت جاری رہے گی، ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کو ایرانی پورٹ اور میری ٹائم آرگنائزیشن بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

صدر آصف علی زرداری کا لبنان میں جنگ بندی کے اعلان کا خیر مقدم

جامع امن کے فروغ کے لیے ہر مخلصانہ اقدام کی حمایت جاری رکھے گا، صدر زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف علی زرداری نے لبنان میں جنگ بندی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں کشیدگی کم کرنے اور امن و سکون کی بحالی کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان خطے کے استحکام کو بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

قطری طیاروں کے وزیراعظم شہباز شریف کے جہاز کو حصار میں لینے کی ویڈیو سامنے آگئی

دوحہ (این این آئی) قطری طیاروں کے وزیراعظم شہباز شریف کے جہاز کو حصار میں لینے کی ویڈیو سامنے آگئی۔ وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ قطر کے دوران ان بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ایران نے غلط راستہ چنا تو جنگ دوبارہ شروع کر دینگے، امریکی وزیر دفاع

ایرانی بندرگاہوں کی امریکی ناکہ بندی کامیاب ہے اور یہ جب تک ضرورت پڑی جاری رہے گی، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے اس بات پر زور دیا ہے کہ اگر ایران امن معاہدے پر راضی نہیں ہوتا تو مشرق وسطیٰ میں موجودہ امریکی افواج جنگی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنے کے لیے تیار ہیں۔ پینٹاگان میں پریس بریفنگ بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو بھائی جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو بھائی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو کوئٹہ کے علاقے کاسی روڈ پر مجید اسٹریٹ میں بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ٹرمپ کا لبنان میں جنگ بندی کا مطالبہ تسلیم کر لیا، اسرائیلی وزیراعظم

فیصلہ ڈونلڈ ٹرمپ کی درخواست پر اور امریکہ کے ساتھ مفادات کی بنا پر کیا گیا، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ ڈونلڈ ٹرمپ کی درخواست پر اور امریکہ کے ساتھ مفادات کی بنا پر کیا گیا البتہ انہوں نے اس درخواست کو تسلیم کر لیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں نیتن یاہو نے مزید بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

وفاقی آئینی عدالت، بھارتی اور اسرائیلی کتب و اشیا کی درآمد پر عائد پابندی قانونی و آئینی طور پر درست قرار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے بھارت اور اسرائیل سے کتب اور دیگر اشیا کی درآمد پر عائد پابندی کو قانونی اور آئینی طور پر درست قرار دیتے ہوئے لاہور ہائیکورٹ کے تمام احکامات کالعدم قرار دے دیے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان کا مستقبل روشن ہے اور ہم اس کے معمار ہیں، گورنر بلوچستان

ہمیں محض معدنیات برآمد کرنے کی بجائے یہاں پراسیسنگ پلانٹس لگانے پر بھی توجہ مرکوز کرنی ہوگی تاکہ ہم پورے صوبے کو ایک جدید صنعتی مرکز میں تبدیل کرنے کے قابل بن سکیں

چین کے ساتھ ہماری دوستی صرف تاریخ نہیں ہے بلکہ یہ ایک زندہ اور سانس لینے والی قوت ہے جو ہمیں آگے بڑھا رہی ہے۔ جب ہم اس مستقبل کی تعمیر کرتے ہیں، گورنر بلوچستان

کراچی (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ "پاکستان چائنا انویسٹمنٹ سیمینار 2026" محض ایک رسمی اجتماع نہیں بلکہ یہ نئی معاشی ترقی اور تبدیلی کا آغاز ہے۔ ہم مل کر ایک ایسے شاندار مستقبل کی تشکیل کر رہے ہیں جہاں ہمارا پیارا ملک پاکستان اور صوبہ بلوچستان پورے خطے کیلئے جدت اور ترقی کے مرکز کے طور پر چمک رہے ہیں۔ ہم پاکستان کے روشن اور محفوظ مستقبل کے حوالے سے بہت پر امید ہیں۔ اس سیمینار کو وہ چنگاری بننے دیں جو دیرپا بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری اور اپوزیشن جماعتوں کے پارلیمانی اراکین ملاقات کر رہے ہیں

بیرسٹر گوہر نے بشریٰ بی بی کی رہائی کیلئے کوششیں شروع کر دیں

پی ٹی آئی چیئرمین نے بانی کی فیملی کو مذاکرات اور لچک کا مظاہرہ کرنے پر قائل کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے بشریٰ بی بی کی رہائی کیلئے کوششیں شروع کر دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق بیرسٹر گوہر نے اعتماد سازی کیلئے بانی کی فیملی، اسیر رہنماؤں سے ملاقاتیں شروع کر دیں، پی ٹی آئی چیئرمین نے بانی کی فیملی کو مذاکرات اور لچک کا مظاہرہ کرنے پر قائل کر لیا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی فیملی جیل کے باہر متنازع گفتگو نہ کرنے پر راضی ہوگی، بشریٰ بی بی کی فیملی بھی ان سے متعلق سوشل میڈیا پیغامات بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

تفتان بارڈر پر ایف آئی اے نے جعلی پاسپورٹ پر پاکستان میں داخل ہونے والے ملزم کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) تفتان بارڈر پر ایف آئی اے نے جعلی پاسپورٹ پر پاکستان میں داخل ہونے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق تفتان بارڈر پر ایک شخص محمد رضا نے جعلی پاسپورٹ کے ذریعے پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

ہسپتال میں تمام ایمرجنسی سروسز بلا تعطل 24 گھنٹے جاری ہیں، ترجمان سول ہسپتال کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) سول ہسپتال کوئٹہ کی انتظامیہ نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ویڈیوز اور الزامات کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ہسپتال میں تمام ایمرجنسی سروسز بلا تعطل 24 گھنٹے جاری ہیں۔ ترجمان بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

تمبو، ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ بگٹی مختلف واقعات فائرنگ سے خاتون جاں بحق

ایک بچے سمیت دو افراد زخمی، ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو، ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ بگٹی مختلف واقعات فائرنگ سے خاتون جاں بحق جبکہ ایک بچے سمیت دو افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی میں نامعلوم مسلح ڈاکوؤں کی گھر میں فائرنگ سے خاتون جاں بحق ہو گئی پولیس کے مطابق مسلح ڈاکو گھر میں داخل ہو کر ڈکیتی کر رہے تھے کہ خاتون نے مزاحمت بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر خزانہ کی پاکستان معاشی و مالیاتی پالیسی کا جائزہ سیمینار میں شرکت،

کمزور طبقات کیلئے بدلتی ڈیجیٹل سبسڈیز فراہم کی جا رہی ہیں، عالمی سرمایہ کاروں سے گفتگو کی

پاکستان اپنی تمام بیرونی مالی ذمہ داریاں بروقت پوری کرے گا، سینیٹر محمد اورنگزیب

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے ساتھ ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی کے تیسرے جائزے اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی کے دوسرے جائزے کیلئے سٹاف لیول معاہدہ مکمل کر لیا ہے جس کی منظوری جلد متوقع ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ایران مشکل اور ذہین ملک ہے، ان کے لوگ اچھے فائٹر ہیں، ٹرمپ

امریکا کے پاس دنیا کی بہترین فوج ہے اور اسے مزید بہتر کر رہے ہیں، خطاب

ہمارے ایک بحری جہاز پر 111 راکٹ فائر کئے گئے، ہماری فوج نے تباہ کر کے حملہ ناکام بنایا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران سے جنگ نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن کرنی پڑی، ایران مشکل اور ذہین ملک ہے، ان کے لوگ اچھے فائٹر ہیں، ریاست نیواڈا کے شہر لاس ویگاس میں تقریب سے خطاب میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران میں جنگ اچھے طریقے سے ختم ہونے جا رہی ہے۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ہمارے ایک بحری جہاز پر 111 راکٹ فائر کئے گئے، ہماری فوج نے تمام 111 راکٹوں کو تباہ کر کے حملہ ناکام بنایا۔ ٹرمپ نے تسلیم کیا کہ معیشت میں رکاوٹ ایران کی وجہ سے آئی، ویتنام اور افغانستان میں طویل عرصے تک جنگیں جاری رہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران سے جنگ دو ماہ میں ختم ہونے جا رہی ہے ساتھ ہی دعویٰ بھی کیا بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وزیر تجارت جام کمال خان کی یورپی یونین کے سفیر ریمونڈس کاروبلس سے ملاقات

پاکستان جی ایس پی پلس اسکیم کے تحت تمام تقاضے پورے کرنے کیلئے پرعزم ہے، جام کمال

دونوں رہنماؤں کا ٹیرف اصلاحات اور درآمدی پالیسی میں بہتری کے ذریعے برآمدات میں اضافہ پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے یورپی یونین کے سفیر ریمونڈس کاروبلس سے ملاقات میں دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ پاکستان-یورپی یونین بزنس فورم رواں ماہ کے آخر میں اسلام آباد میں منعقد ہوگا جس سے کاروباری روابط میں وسعت اور برآمدات میں اضافے کی نئی راہیں کھلنے کی توقع ہے۔ جمعہ کو جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے پاکستان میں تعینات یورپی یونین کے سفیر ریمونڈس کاروبلس سے ملاقات میں سب بات کی۔ ملاقات میں دو طرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیر تجارت نے بتایا کہ پاکستان-یورپی بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل پاکستان چائنا انویسٹمنٹ سیمینار کے منتظمین اور مہمانان گرامی سے گفتگو کر رہے ہیں

مصنوعی سیاروں نے مریخ پر باتھ ٹب رنگ کا راز فاش کر دیا

نیویارک (این این آئی) مریخ کے گرد گھومنے والے مصنوعی سیاروں اور اس کی سطح پر گھومنے والی گاڑیوں سے جمع کیے گئے بہت سے شواہد اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ ایک طویل عرصہ پہلے وہاں تالابوں، جھیلوں اور دریاؤں کی شکل میں مائع پانی موجود تھا۔ ساتھ بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بحری ناکہ بندی بحری قزاقی کی ایک شکل ہے، ایرانی آرمی چیف

دشمنوں کی خواہش ہے ایران ہتھیار ڈال دے مگر ان کی یہ خواہش کبھی پوری نہیں ہوگی، خطاب

ایرانی حکام کی جرأت مندانہ کوششوں سے جنگ کے دوران ایران کے لیے کوئی مسئلہ پیدا نہیں ہوا

تہران (این این آئی) ایرانی فوج کے چیف کمانڈر میجر جنرل امیر حاتمی نے کہا ہے کہ بحری ناکہ بندی بحری قزاقی کی ایک شکل ہے، ایران دشمنوں کی کوششیں کامیاب نہیں ہونے دے گا۔ ایرانی بحری بیڑے کے 32 ویں روز کے استقبال کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دشمنوں کی یہ خواہش ہے کہ ایران ان کے سامنے ہتھیار ڈال دے مگر ان کی یہ خواہش کبھی پوری نہیں ہوگی۔ ایرانی آرمی چیف نے کہا کہ جب ایرانی سفارتی حکام مذاکرات میں بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پاکستان امریکا ایران تنازع ختم کرانے کی کوششوں میں مصروف ہے، احسن اقبال

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان امریکا ایران تنازع ختم کرانے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ احسن اقبال نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف مختلف برادر ممالک کے دورے کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل بھی ایران گئے ہیں، امریکا کے ساتھ بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

مشرق وسطیٰ میں جنگ، لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پر مسافروں کی تعداد بڑھ گئی

لندن (این این آئی) مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ کے سبب لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پر مسافروں کی تعداد بڑھ گئی ہے اور صرف گزشتہ ماہ مارچ میں ٹرانسفر مسافروں کی تعداد میں دس فیصد اضافہ دیکھا گیا۔ ایک رپورٹ کے مطابق دبئی، دوحہ اور ابوظبی کے ایئرپورٹس یورپ اور ایشیاء آسٹریلیا بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

مشرق وسطیٰ جنگ کے باعث پاکستانی معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ

پاکستان کا 7.2 ارب ڈالر کا پروگرام معاشی استحکام اور اصلاحات پر مرکوز ہے، آئی ایم ایف

خلیجی ممالک سے تیل اور ترسیلات زر پر زیادہ انحصار پاکستان کیلئے خطرات ہیں، آؤٹ لک رپورٹ

نیویارک (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے مشرق وسطیٰ جنگ کے باعث پاکستانی معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ ظاہر کر دیا ہے۔ آئی ایم ایف کی ریجنل اکنامک آؤٹ لک رپورٹ کے مطابق مشرق وسطیٰ جنگ کے باعث پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ میں تقریباً 6.0 فیصد تک کمی ہو سکتی ہے، پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ اور مالی خسارے بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے ترکی کے سفیر ڈاکٹر عرفان نیزیر اوغلو ملاقات کر رہے ہیں

کوہلو میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قبائلی ہنما کو ہلاک کر دیا

کوہلو (این این آئی) کوہلو میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قبائلی ہنما کو ہلاک کر دیا۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو کوہلو کے علاقے ہوشری میں نامعلوم مسلح افراد نے شادی کی تقریب سے واپس گھر جانے والے قبائلی رہنما ملک شیر افضل زرکون کو ہلاک کر دیا اور موقع بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

پاکستان کی 16 کمپنیوں کو روس کو مچھلی برآمد کرنے کی اجازت مل گئی

روسی مارکیٹ کے بعد یوریشین اکنامک یونین کے دیگر ممالک تک رسائی متوقع، سی فوڈ سیکٹر کو مزید وسعت ملے گی، وفاقی وزیر بحری امور

روس کو برآمدات سے ابتدائی طور پر 300 ملین ڈالر آمدن متوقع جو ملکی معیشت کیلئے مثبت پیشرفت ثابت ہوگی، جنید انور چودھری کی گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستان کی 16 کمپنیوں کو روس کو مچھلی برآمد کرنے کی اجازت مل گئی۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انور چودھری نے ماہی گیری کے شعبے میں تاریخی کامیابی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی بار پاکستانی مچھلی اور سی فوڈ کی روس کو برآمدات کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور نے کہا کہ روسی مارکیٹ کے بعد یوریشین اکنامک یونین کے دیگر ممالک تک رسائی بھی متوقع ہے جس سے پاکستان کے سی فوڈ سیکٹر کو مزید وسعت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ میرین فشریز ڈیپارٹمنٹ سی فوڈ برآمدات کیلئے بین الاقوامی معیار کو یقینی بناتا ہے جو عالمی منڈی میں مسابقت کیلئے نہایت اہم ہے۔ پاکستان کی سالانہ سی فوڈ برآمدات 500 ملین ڈالر سے تجاوز کرنے کا امکان ہے جبکہ روس بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے میر حیر بیار ڈومکی ملاقات کر رہے ہیں

بشریٰ بی بی سے بیٹیوں، بہن کی جیل میں ملاقات کروا دی گئی

بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ کے اہل خانہ کا صحت پر اطمینان کا اظہار

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی سے ان کی بیٹیوں اور بہن کی اڈیالہ جیل میں ملاقات کروا دی گئی۔ جیل ذرائع کے مطابق بشریٰ بی بی سے فیملی کی ملاقات ایک گھنٹہ سے زائد وقت جاری رہی۔ ملاقات کے دوران بشریٰ بی بی کی فیملی بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

صارفین کیلئے بجلی 27 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست پر سماعت 28 اپریل کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین کیلئے بجلی 27 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں 95 فیصد بزنس این ایچ اے کی شاہراہوں کی مرہون منت ہیں، راحیل احمد بلوچ

نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی بلوچستان میں 4 ہزار کلومیٹر سے زائد طویل قومی شاہراہیں ہیں

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے جنرل منیجر آغا عنایت اللہ، ڈائریکٹر مکینکس راحیل احمد بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی بلوچستان میں 4 ہزار کلومیٹر سے زائد طویل قومی شاہراہیں ہیں جن کی سالانہ مرمت پر 15 ارب روپے تک اخراجات آ رہے ہیں، ملک بھر سے سالانہ 130 ارب روپے کی ریونیو میں بلوچستان کا حصہ 20 کروڑ روپے ہے جس میں اضافہ کے لئے ہمیں چیمبرز اور بزنس کمیونٹی کے تعاون کی ضرورت بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

روس، چین کی ایران کو سپورٹ، امریکی انٹیلی جنس نے وارننگ جاری کر دی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی انٹیلی جنس نے ایران جنگ کے بعد خبردار کیا ہے کہ روس اور چین کی ایران حمایت بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

افغان جنگ میں معصوم شہریوں کو قتل کرنے والا آسٹریلوی فوجی افسر ضمانت پر رہا

وہ افغانستان کی مہم کے دوسرے آسٹریلوی سابق فوجی ہیں جن پر جنگی جرم کا الزام لگایا گیا ہے

سڈنی (این این آئی) افغان جنگ کے دوران 5 معصوم افغان شہریوں کو قتل و دیگر جنگی جرائم میں ملوث آسٹریلیا کے تجربہ کار فوجی اہلکار بین رابرٹس اسمتھ کو ضمانت پر رہا کر دیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق بین رابرٹس اسمتھ کو مجرم قرار دیے جانے کے 10 دن بعد ہی بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

لبنان اور اسرائیل میں 10 روزہ جنگ بندی کا آغاز ہو گیا

جنگ بندی کے لیے امریکی کوششوں پر صدر ٹرمپ کے مشکور ہیں، لبنانی صدر جتنی جلدی ممکن ہو سکے جنگ بندی کے لیے یہ کوششیں جاری رہیں گی

دونوں ملکوں نے منگل کے روز واشنگٹن میں ہمارے وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ 34 سالوں میں پہلی بار ملاقات کی

بیروت (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے لبنان اور اسرائیل کے درمیان ایک عارضی جنگ بندی کے معاہدے کا اعلان کر دیا۔ اس جنگ بندی کا آغاز ہو گیا ہے اور یہ دس دن تک برقرار رہے گی۔ یہ اعلان انہوں نے لبنانی صدر جوزف عون اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے رابطوں کے بعد کیا۔ ٹرمپ نے ایک پوسٹ میں کہا کہ میں نے ابھی معزز لبنانی صدر جوزف عون اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے ساتھ بہترین بات چیت کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان دونوں رہنماؤں نے اتفاق کیا ہے کہ اپنے ملکوں کے درمیان امن کے حصول کے لیے، وہ باضابطہ طور پر 10 روزہ جنگ بندی کا آغاز کریں گے۔ امریکی صدر نے کہا کہ دونوں ملکوں نے منگل کے روز واشنگٹن میں ہمارے وزیر بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

13 بحری جہاز امریکی ناکہ بندی کی تعمیل کرتے ہوئے واپس مڑ گئے

بین الاقوامی پانیوں میں تمام ایرانی جہازوں کو روکیں گے، امریکی جوائنٹ چیفس آف اسٹاف

قطع نظر ان کی قومیت کے، جو ایرانی بندرگاہوں کی طرف جا رہے ہوں یا وہاں سے آ رہے ہوں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین ڈین کین نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ ایرانی بندرگاہوں اور ساحلوں کی ناکہ بندی کے فریم ورک کے تحت بین الاقوامی پانیوں میں تیل بردار بحری جہازوں سمیت تمام ایرانی جہازوں کو روکنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ڈین کین نے ایک پریس کانفرنس میں کہا اس ناکہ بندی میں تمام بحری جہاز شامل ہیں، قطع نظر ان کی قومیت کے، جو ایرانی بندرگاہوں بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اس وقت ملک کا ہر طبقہ مہنگائی کے شدید دباؤ میں ہے، مولانا عبدالواسع

پاکستان آج عالمی منظر نامے میں جس مقام اور شناخت کے ساتھ ابھر رہا ہے، وہ محض اتفاق نہیں

بلکہ اس کی اسٹریٹجک اہمیت، نظریاتی بنیادوں کی مضبوطی اور ایٹمی قوت ہونے کا مظہر ہے، امیر جمعیت علمائے اسلام بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان آج عالمی منظر نامے میں جس مقام اور شناخت کے ساتھ ابھر رہا ہے، وہ محض اتفاق نہیں بلکہ اس کی اسٹریٹجک اہمیت، نظریاتی بنیادوں کی مضبوطی اور ایٹمی قوت ہونے کا مظہر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خطے میں تیزی سے بدلتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی صورتحال میں پاکستان کا کردار مزید نمایاں ہو چکا ہے، اور یہی وہ مقام ہے جس کی بحالی اور استحکام کے لیے جمعیت علمائے اسلام اور اس کی قیادت ہمیشہ کوشاں رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی پاکستان کے استحکام، سلامتی اور خودمختاری کا معاملہ درپیش ہوا ہے تو تمام سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے قومی یکجہتی بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

لاہور: وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

بولان میڈیکل کالج (BMC) کے آئی سی یو اسٹاف کی بھرتی کے لیے جاری کیے گئے حالیہ اشتہار کی مذمت ہے، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ زون کے ترجمان نے بولان میڈیکل کالج (BMC) کے آئی سی یو اسٹاف کی بھرتی کے لیے جاری کیے گئے حالیہ اشتہار کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگست 2025 میں نافذ کیے گئے بی ایم سی آٹونومس ایکٹ کے تحت اداروں میں شفافیت، میرٹ بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

تربت شہر اور گرد و نواح میں ڈینگی تیزی سے پھیلنے لگا، محکمہ صحت

یکم اپریل سے اب تک ڈینگی کے مجموعی طور پر 531 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں

تربت (این این آئی) ضلع کیچ کے مرکزی شہر تربت اور اس کے گرد و نواح میں ڈینگی وائرس تیزی سے پھیلتا جا رہا ہے، جہاں صورتحال تشویشناک حد تک سنگین اختیار کر چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق شہر کے تقریباً ہر گھر میں تین سے پانچ افراد ڈینگی بخار میں مبتلا ہو رہے ہیں، جس کے باعث شہری شدید خوف و ہراس کا شکار ہیں۔ محکمہ صحت کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق یکم اپریل سے اب تک ڈینگی کے مجموعی طور پر 531 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں، جبکہ بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

اوتھل میں نامعلوم چور ہندو تاجر کی دکان سے پانچ لاکھ روپے نقدی لے اڑے

اوتھل (این این آئی) ضلع لسبیلہ کے ہیڈ کوارٹر اوتھل میں امن و امان کی صورتحال ابتر ہو گئی، گزشتہ شب نامعلوم مسلح چوروں نے رات کی تاریکی اور پولیس کی مبینہ غفلت کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے شہر کے مرکزی بازار میں چار دکانوں کے تالے توڑ کر تاجروں کو لاکھوں روپے مالیت کی نقدی سے محروم کر دیا۔ واردات کے بعد شہر کے تجارتی حلقوں میں شدید اشتعال بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

کوہ سلطان مائننگ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ کے افسران تربیت حاصل کرنے والے پاکستانی ملازم کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

18 اپریل 2026ء

"میں اتنا بھی بھولا نہیں" ٹرمپ!

لاہور کا ایک معصوم جیالا بھولا بھی ایک اہم کردار تھا، اس کی جماعت اور بانی جماعت ذوالفقار علی بھٹو سے عقیدت پیمانے سے باہر تھی۔ بھٹو لاہور ہوتے یا کسی اور قریبی شہر میں بھولا کی موجودگی لازم تھی، مجھے یاد ہے کہ جب ذوالفقار علی بھٹو نے نائب وزیراعظم کی حیثیت سے راولپنڈی سے کراچی تک تیز گام میں سفر کیا تو بھی بھولا ان کے ساتھ تھا۔ میں لاہور سے سوار ہوا تھا، گاڑی کو جگہ جگہ روک لیا جاتا اور بھٹو کو اپنے کمپارٹمنٹ سے نکل کر خطاب بھی کرنا پڑتا تھا اور بھولا ان سے پہلے آکر پیڈسٹل پر کھڑا ہو کر راستہ روک لیتا تھا کہ جوشیلے لوگ اوپر تک نہ آجائیں۔ یہ بھولا (مرحوم) گوالمنڈی کا رہائشی اور حقیقی کردار تھا اور اسے ہمارے بہت سے مہربانوں نے اپنی تحریروں کا موضوع بھی بنایا، تاہم اس کے علاوہ بھی "بھولا" نام سے ایک کردار تھا، محترم عطاء الحق قاسمی دیر تک اسے ضبط کالم لاتے رہے، قارئین! یہ تو حقیقی کرداروں کی بات ہے لیکن ہماری لوک کہانی کا ایک کردار بھی بھولا نام کا فرد ہے۔ یہ لوک پنجاب والے دلچسپی سے بیان کرتے اور سنتے ہیں جس انداز میں ذکر ہوتا ہے اس کے حوالے سے کالم میں ذکر مناسب نہیں۔ بہرحال اس ..... کردار کا ایک آخری فقرہ اب بھی مستعمل ہے اور وہ ہے۔: میں اتنا بھی بھولا نہیں:

قارئین! یہ زندہ کردار اس لئے یاد آئے کہ آج کی دنیا میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ مثال کے لئے موجود ہیں، ان کے حوالے سے بہت کچھ کہا جاتا ہے اور ان کی ترنگیں بھی مشہور ہیں لیکن غور کرنے پر اندازہ ہوتا ہے کہ وہ واقعی اتنے بھی بھولے نہیں ہیں، ہم سب ان کو ہالی وڈ کے کردار کے طور پر لے رہے ہیں اور ان کی حرکات اور بدلتے بیانات سے ایسا تاثر بھی ملتا ہے وہ ماضی میں نہ صرف ایکٹنگ کی کوشش کر چکے، بلکہ اپنے پسندیدہ چینل "فوکس" میں میزبان بھی رہے ہیں۔

میں تو سمجھتا ہوں کہ وہ بھولے تو ہیں لیکن پنجابی بھولے کی طرح انہوں نے پوری دنیا کو چکر میں ڈال رکھا ہے، ان کے کارناموں میں دنیا بھر کی معیشت کو پاؤں سے اکھاڑنا اور جمی جمائی مغربی تہذیب کے چہرے سے نقاب نوچنا بھی شامل ہے۔ ٹرمپ نے اپنے اس دور صدارت کی ابتداء ہی میں ٹیرف ٹیرف کھیلنا شروع کیا اور شطرنج کے کھیل کی طرح یہ بھی ان کا کھیل بن گیا اور انہوں نے کبھی ٹیرف بڑھا اور کبھی کم کر کے دنیا کو حیرت زدہ کرنا شروع کر دیا پھر انہوں نے جنگیں بند کرنے کا کردار سنبھال لیا اور مئی معرکہ کے حوالے سے اپنے دیرینہ دوست مودی کا ریکارڈ لگانا شروع کر دیا، جگہ جگہ موقع بے موقع بھولا کی طرح کہتے، میں نے آٹھ جنگیں رکوائیں ان میں پاک بھارت جنگ بھی شامل ہے،

پاکستان کا عالمی کردار اور عوام کی اُمیدیں

نسیم شاہد

میں کل سبزی خریدنے گیا تو اقبال سبزی فروش نے باتوں باتوں میں پوچھا کیا ایران اور امریکہ کے درمیان پاکستان نے معاہدہ کرا دیا تو اس کا ہمیں بھی کچھ فائدہ ہوگا۔ میں نے پوچھا کس فائدے کی بات کر رہے ہو، اس نے کہا مہنگائی کم ہوجائے، پٹرول پرانی قیمت پر ملنے لگے، بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم ہو، اس وقت تو برا حال ہے۔ میں نے کہا ممکن ہے پاکستان کو ان مسئلوں سے نجات مل جائے لیکن کچھ کہا نہیں جاسکتا۔ اقبال سبزی والے نے جو سوال کیا، وہ آج کل اکثر لوگوں کے ذہن میں کلبلا رہا ہے، یہ اس لئے بھی ہے کہ اس جنگ کے ساتھ ہی سب کچھ ہوا ہے، تیل کی قیمتیں بڑھ گئیں، لاک ڈاؤن ہوگیا، اب بجلی کی لوڈشیڈنگ بھی ہو رہی ہے۔ پاکستان کا اس وقت کردار بہت شاندار ہے۔ دنیا کے تمام ملکوں سے زیادہ پاکستان کی اہمیت بن چکی ہے۔ یہ معمولی بات نہیں، پاکستان کی سفارت کاری معجزے دکھا رہی ہے۔ مذاکرات کے دوسرے دور کا سلسلہ شروع ہونا چاہتا ہے مگر اس سے پہلے وزیراعظم شہباز شریف کی خلیجی ممالک اور ترکی کے دورے پر روانگی اور دوسری طرف فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ایران میں موجودگی بہت کچھ کہہ رہی ہے، اُدھر امریکہ بھی اس بات کا خواہاں ہے کہ دوسرا دور پاکستان میں ہو اور معاہدہ ہو جائے۔ ڈونلڈ ٹرمپ اس حوالے سے یہ اشارہ بھی دے چکے ہیں کہ وہ مذاکرات کے دور میں شریک ہونے کے لئے پاکستان جاسکتے ہیں، یہ بہت بڑی بات ہوگی اور پاکستان کے تاریخی کردار پر کامیابی کی مہر لگ جائے گی، اس میں کوئی شک نہیں کہ اس سارے عرصے میں پاکستانی قوم نے بھی بہت قربانی دی ہے۔ معاشی مسائل میں گھرے ہوئے عوام پر مزید بوجھ ڈالا گیا ہے۔ تاہم اس حوالے سے پاکستان کو جو اہمیت مل رہی ہے، اس پر بھی ہر پاکستانی کو فخر ہے اگر کوئی کہتا ہے کہ پرائی شادی میں ہم کیوں عبداللہ دیوانے بنے ہوئے ہیں، تو یہ انتہائی جاہلانہ بات ہے۔ ہمارے خطے میں اگر اتنی بڑی جنگ چھڑ گئی تھی تو کیا ہم اس سے لاتعلق رہ سکتے تھے۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ جب برادر اسلامی ممالک اس جنگ کی وجہ سے متحارب آ گئے تھے، پھر ہماری معیشت جن درآمدات سے چلتی ہے وہ اگر بند ہوتی ہیں تو ہماری زندگی کا پہیہ کیسے چلے گا؟ جو کردار پاکستان نے ادا کیا ہے اور کر رہا ہے، اس کا فائدہ نہ صرف پوری دنیا کو ہوا ہے بلکہ پاکستان بھی بڑے امتحان سے بچ گیا ہے، اب دیکھنا یہ ہے کہ اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے۔ کچھ حلقے یہ رائے بھی دے رہے ہیں کہ پاکستان کو اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے امریکہ سے یہ بات بھی منوا لینی چاہیے کہ پاکستان کو ایران سے تیل درآمد کرنے کی اجازت مل جائے۔ ایران پاکستان پائپ لائن منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچے جس کے بعد پاکستان میں تیل بہت سستا ہو سکتا ہے۔ یہ خواہش بری تو نہیں، تاہم اس موقع پر شاید اس قسم کی باتیں منوانا ثالثی کے اس کردار سے مطابقت نہیں رکھتا، جو پاکستان ادا کر رہا ہے، اس وقت تو بنیادی اہمیت اس امر کی ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان ایک ایسے معاہدے کے لئے فضا تیار کی جائے، جو پائیدار بھی ہو اور جس کے نتیجے ہی نہ صرف ایران امریکہ کے اختلافات ختم ہوں بلکہ مشرق وسطیٰ میں بھی امن آئے۔

پاکستان اس وقت واحد ملک ہے جو مذاکرات کے ہر پہلو سے آگاہ ہے۔ ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ امریکہ کیا چاہتا ہے اور اس بات سے بھی باخبر ہیں کہ ایران کن باتوں پر ڈٹا ہوا ہے۔ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کا دورۂ ایران غالباً اسی سلسلے کی کڑی ہے کہ ایران کو کچھ باتوں پر نرمی اختیار کرنے کا مشورہ دیا جائے، اُدھر وزیراعظم شہباز شریف بھی سعودی عرب، قطر اور ترکی کے حکمرانوں کو معاہدے کے حوالے سے اعتماد میں لینے کی مہم پر نکلے ہوئے ہیں۔ میرا خیال یہ ہے پاکستان کو اس حوالے سے جتنی اہمیت مل چکی ہے وہ رائیگاں نہیں جائے گی، یعنی یہ نہیں ہوسکتا کہ یہ دور گزر جائے اور پاکستان کو نظر انداز کیا جاسکے۔ پاکستان اب خطے کا سب سے اہم ملک بن چکا ہے، بھارت جیسا بڑی آبادی اور فوج رکھنے والا ملک بھی اب پاکستان کے سامنے بونا نظر آ رہا ہے، اتنے بڑے واقع اور جنگ کے باوجود بھارت اس سارے معاملے میں غیر متعلق ہو چکا ہے، ہاں یہ ضرور ہے کہ پاکستان کے حکمرانوں کو یہ پہلو سرفہرست رکھنا چاہیے کہ پاکستان کو معاشی لحاظ سے مضبوط بنانے کے لئے اس بڑھتے ہوئے کردار کی بدولت اقدامات کرنا ہیں، چاہے وہ باہمی تجارت کی صورت ہوں یا پھر تیل کی فراہمی کے سلسلے میں۔ پاکستان میں توانائی کے ذرائع سستے ہوں گے تو سرمایہ کاری بھی آئے گی کیونکہ عالمی مارکیٹ میں مقابلہ صرف اسی صورت میں ہوسکتا ہے کہ پاکستانی مصنوعات بیرون ملک سستے داموں دستیاب ہوں۔ امریکہ کی مارکیٹ میں قدم جمانے کے لئے پاکستان کی مصنوعات پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ ٹیرف کم کر دیں تو ہمیں معاشی لحاظ سے بہت فائدہ ہوسکتا ہے۔ یاد رہے کہ صدر ٹرمپ جن ممالک سے ناراض ہوئے ان پر ٹیرف میں اضافہ کر دیا، اب اگر وہ پاکستان سے راضی ہیں، خوش ہیں تو ٹیرف میں کمی کر سکتے ہیں بشرطیکہ انہیں کہا جائے۔

کل ایک غیر ملکی صحافی نے جو مذاکرات کی کوریج کے لئے اسلام آباد آیا ہوا ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنی بنائی ہوئی ایک ویڈیو اپ لوڈ کی جس میں وہ کہہ رہا ہے یہ ہے وہ اسلام آباد جو دنیا کے ایک بڑے تنازع کو ختم کرنے کا سٹیج بنا ہوا ہے لیکن اس کا حال یہ ہے کہ لوڈشیڈنگ کی وجہ سے اندھیرے میں ڈوبا ہوا ہے وہ کہنا یہ چاہتا تھا دنیا کو روشنی اور امن دینے والے ملک میں اندھیرے ایک عجیب تضاد کو جنم دیتے ہیں، اس پہلو پر ہمارے قائدین کو بھی غور کرنا چاہیے۔ یہ باتیں تو روز و شب ہو رہی ہیں کہ پاکستان بلندیوں کی طرف جا رہا ہے، لیکن بلندی کوئی کاغذی شے نہیں، یہ جب تک زمینی حقیقت نہ بنے، کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ پاکستان بلندی کی طرف تب جائے گا جب یہاں غربت ختم ہوگی۔ جب سکول نہ جانے والے کروڑوں بچے پڑھنے جائیں گے، جب علاج معالجے کی اعلیٰ سہولتیں دستیاب ہوں گی۔ جب بجلی سستی اور وافر ملے گی، تیل اور ڈیزل ارزاں ہوں گے، عدل و انصاف اور امن و امان مثالی قرار پائیں گے۔ ان باتوں پر اگر غور نہیں ہوتا تو ہم بے شک عالمی سطح پر ایک بڑی اہمیت اختیار کر جائیں گے مگر بھوک و ننگ کا آسیب ہماری جان نہیں چھوڑے گا۔ اللہ کرے ہمیں جو بین الاقوامی برادری میں عزت و اہمیت ملی ہے وہ ہمیں خوشحالی، ترقی اور سماجی بہتری کی راہ پر بھی ڈال دے، وہ خواب حقیقت بن جائے جو قائداعظم محمد علی جناح نے دیکھا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆

کیا ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی مذاکرات سے ختم ہوسکتی ہے؟

تحریر: اللہ نواز خان

اس وقت پوری دنیا کی نظریں مشرق وسطیٰ پر لگی ہوئی ہیں، جہاں امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی نے خطے کے امن کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ عارضی جنگ بندی ہو چکی ہے اور یہ عارضی جنگ بندی کی مدت 22 اپریل کو ختم ہو رہی ہے۔ مستقل جنگ بندی کے لیے امریکہ اور ایران کے درمیان اسلام آباد میں مذاکرات ہوئے لیکن وہ مذاکرات ناکامی سے دوچار ہو گئے۔ اب دوبارہ بین الاقوامی میڈیا مذاکرات کے بارے میں پیش گوئیاں کر رہا ہے۔ ممکن ہے کہ مذاکرات کا دوبارہ دور جلدی شروع ہو جائے۔ امید کی جانی چاہیے کہ اس دفعہ ہونے والے مذاکرات کامیاب ہوں گے اور مشرق وسطیٰ میں امن قائم ہو جائے گا۔ ہو سکتا ہے امریکی صدر پاکستان میں خود آ جائیں، اگر وہ خود آ گئے تو مذاکرات کی کامیابی کا امکان بڑھ جائے گا۔ مذاکرات ناکام ہونے کی سب سے بڑی وجہ جوہری توانائی ہے۔ ایران کے پاس جوہری توانائی کا ذخیرہ یورینیم کی صورت میں ہی موجود نہیں بلکہ افزودہ یورینیم بھی موجود ہے۔ ایران پر الزامات لگ رہے ہیں کہ وہ ایٹمی صلاحیت حاصل کر چکا ہے یا حاصل کرنے کے اتنے قریب ہے کہ فوری طور پر فوجی مقاصد کے لیے اسے استعمال کیا جا سکے۔ ایران کا ہمیشہ سے یہ موقف رہا ہے کہ جوہری توانائی مثبت مقاصد کے لیے ہے، فوجی مقصد کے لیے اس سے استعمال نہیں کیا جائے گا۔ یورینیم مسئلے پر اگر قابو پا لیا گیا تو دیگر مسائل حل ہونے کے امکانات بڑھ جائیں گے۔ اب تو آبنائے ہرمز بھی بند کر دیا گیا ہے اور اس کی بندش سے عالمی معیشت شدید متاثر ہو گئی ہے۔ تمام مسائل بھی حل ہو سکتے ہیں اگر نیک نیتی سے عمل کیا جائے۔ ایران کی کوشش یہی ہے کہ جنگ سے ہونے والے نقصانات کا بھی ازالہ کیا جائے اور آئندہ بھی کسی جنگی خطرے سے ممکنہ طور پر چھٹکارا پایا جا سکے۔

ایران اور امریکہ کے درمیان اختلافات بہت ہی پرانے ہیں۔ 1979 میں اختلافات شروع ہوئے جو آج تک ختم نہ ہو سکے۔ 2015 میں ایک معاہدہ ہو گیا تھا لیکن بعد میں ٹرمپ نے اس معاہدے سے امریکہ کو نکال لیا تھا۔ اب ایران ٹرمپ پر اعتبار کرنے کے لیے تیار نہیں اور مستقل و مضبوط یقین دہانی چاہتا ہے۔ یہ تو واضح ہو گیا ہے کہ جنگ میں ایران کو نقصان تو سخت پہنچا ہے لیکن اس کو مکمل طور پر شکست نہیں دی جا سکی بلکہ یہ دعویٰ بھی درست ہوگا کہ جزوی طور پر بھی ایران کو شکست نہیں ہوئی۔ یہ علیحدہ موضوع ہے کہ ایران کو سخت نقصان پہنچ چکا ہے، جس کا ازالہ کئی سالوں تک ہوتا رہے گا۔ ایران کی کوشش یہ بھی ہے کہ پابندیاں نرم کی جائیں تاکہ اس کی معیشت سنبھل سکے۔ اگر پابندیاں ہٹائی جاتی ہیں تو ایران کئی گنا زیادہ مضبوطی حاصل کر سکتا ہے۔ صرف تیل اور گیس کی آزادانہ تجارت سے ہی بہت جلد ایران اپنے آپ کو سنبھال سکتا ہے۔ پاکستان بھرپور کوشش کر رہا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات سے تنازعہ حل ہو جائے تاکہ مشرق وسطیٰ میں امن کا قیام ممکن ہو سکے۔ امریکہ اور ایران سمیت پوری دنیا کی طرف سے پاکستان کے اس مثبت عمل کی تحسین کی جا رہی ہے۔ بلاشبہ ایران اور امریکہ کے درمیان مستقل جنگ بندی بہت بڑا عمل ہوگا۔ جنگ بندی ہونے سے عالمی معیشت بہتر ہو جائے گی، کیونکہ آبنائے ہرمز کو کھول دیا جائے گا۔ تیل اور گیس کی قیمتوں میں زبردست کمی ہو جائے گی، اگر آبنائے ہرمز مکمل طور پر یا لمبے عرصے کے لیے بند ہو جاتا ہے تو تیل وغیرہ کی قیمتوں میں بہت زیادہ اضافہ ہو جائے گا۔ صرف تیل کی قیمت میں اضافے کا مطلب ہوگا کہ عالمی طور پر بہت زیادہ مہنگائی بڑھ جائے۔ مذاکرات کامیاب ہونے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ خطے میں امن قائم ہو جائے گا اور اس سے لاکھوں انسان قتل ہونے سے بچ جائیں گے۔ مذاکرات اگر کامیاب نہیں ہوتے تو جنگ میں زیادہ شدت کا امکان ہے، بلکہ جس طرح ٹرمپ نے ڈیڈ لائن دی تھی کہ ایرانی تہذیب کو مکمل طور پر تباہ کر دیا جائے گا۔ ہو سکتا ہے مکمل طور پر ایران کو تباہ نہ کیا جا سکے لیکن تباہی بہت زیادہ ہو جائے گی۔ یہ امکان بھی رد نہیں کیا جاسکتا کہ یہ جنگ ایران کی نسبت امریکہ کے لیے زیادہ خطرناک ثابت ہو۔

اس وقت ایران اپنی بقا اور امریکہ اپنی برتری کی جنگ لڑ رہا ہے۔ یہ جنگ صرف ان دو ممالک کے درمیان نہیں علاقائی سطح تک بھی لڑی جا رہی ہے۔ امریکہ بہت زیادہ دور ہے اور دور ہونے کی وجہ سے کئی ممالک میں امریکی اڈے قائم کیے گئے ہیں۔ ایران اب ان اڈوں کو نشانہ بنا رہا ہے اور اس سے امریکی اہداف کو نقصان پہنچنے کے علاوہ ان ممالک کو بھی پہنچ رہا ہے جہاں یہ امریکی اڈے موجود ہیں۔ اگر یہ جنگ کافی عرصہ تک بند نہیں ہوتی تو بہت سے ممالک اس جنگ کا حصہ بن جائیں گے۔ روس اور چین کی شمولیت کا امکان بھی رد نہیں کیا جاسکتا۔ چین ایران کو جدید جنگی ٹیکنالوجی مہیا کر سکتا ہے اور روس کی طرف سے امداد مل سکتی ہے، روس اور چین کا تعاون امریکہ کو سخت زک پہنچا سکتا ہے۔ جس طرح کہا جا رہا ہے کہ مذاکرات کا دور جلدی شروع ہو سکتا ہے، بہتر ہے کہ یہ مذاکرات کامیاب ہو جائیں۔ عالمی برادری دباؤ ڈال کر ان مذاکرات کو کامیاب کرانے کی سنجیدہ کوشش کرے۔ جوہری توانائی کے لیے کوئی قابل عمل حل نکالا جائے تاکہ جنگ بندی کی طرف بڑھا جا سکے۔ توقع کی جانی چاہیے کہ اس دفعہ مذاکرات فیصلہ کن ثابت ہوں گے۔ بالفرض اگر مذاکرات ناکام بھی ہو جائیں تو جنگ فوری طور پر شروع نہیں کی جائے بلکہ عارضی جنگ بندی کی مدت بڑھا دی جائے۔ بہرحال مذاکرات ضرور کرنے چاہیے کیونکہ جب دونوں فریقین ایک میز پر بیٹھتے ہیں تو تھوڑی مدت کے لیے سہی قتل و غارت رک جاتی ہے۔ ایران و امریکہ دونوں فریقین کو لچک دکھانی ہوگی۔ پچھلے مذاکرات کی نسبت آنے والے دنوں میں ہونے والے مذاکرات زیادہ پرامید ہیں۔

خواتین ٹیچرز ٹریننگ اداروں کی ضرورت

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

پنجابی زبان بھی اب ایک ثروت مند زبان بنتی چلی جا رہی ہے۔ انڈیا میں دہلی سے لے کر پاکستان میں حیدر آباد (سندھ) تک بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ اس زبان میں تین بڑی لاجواب تصانیف موجود ہیں .... ہیر وارث شاہ، سیف الملوک اور حرفی بچ گنج از محمد بوٹا گجراتی ان تصانیف میں مشہور ہیں۔ ہیر وارث شاہ کا قصہ "ہیر رانجھا" تو سینکڑوں برس پہلے لکھا جا چکا تھا۔ پنجاب یونیورسٹی میں جن زبانوں اور موضوعات پر ڈاکٹریٹ (Ph.D) کی ڈگری دی جاتی ہے ان میں پنجابی زبان بھی شامل ہے۔ لیکن مقام تاسف ہے کہ اس زبان میں ہنوز تنقیدی موضوعات کی شدید کمی ہے۔ اردو، فارسی اور پنجابی زبانوں میں اگرچہ حروف ابجد تقریباً ایک ہی ہیں لیکن جس طرح اردو زبان میں متعدد موضوعات پر مقالے لکھے جاتے ہیں اس طرح کی کوئی مثال فارسی اور پنجابی زبانوں میں نہیں ملتی۔ فارسی کو تو ایران نے سنبھالا ہوا ہے لیکن پنجابی کو پنجاب نے نہیں سنبھالا .... دو پڑھے لکھے نوجوان (یا بزرگ) جن کی مادری زبان پنجابی ہوتی ہے، وہ جب آپس میں ملتے ہیں تو پنجابی کی بجائے اردو زبان میں مکالمہ کرتے ہیں۔ پنجابی کو شاید کم مرتبے کی زبان گردانا جاتا ہے۔ یہ روش قابل تحسین نہیں اور اسے ترک کرنا چاہیے۔ اس سے اردو زبان کی تو کوئی زیادہ خدمت نہیں ہوتی مگر پنجابی کا مقام و مرتبہ نہ چاہتے ہوئے بھی گر جاتا ہے۔ وارث شاہ کو پنجابی زبان کا شیکسپیئر مانا جاتا ہے۔ لیکن شیکسپیئر نے ایک سے زیادہ کتابیں انگریزی زبان میں لکھیں جن میں قصے، کہانیاں، ناول اور ڈرامے شامل ہیں .... لیکن پنجابی زبان میں ایسا کلچر ہنوز نظر نہیں آتا۔

مجھے ذاتی طور پر ہیر رانجھا کے قصے سے اس لئے بھی دلچسپی ہے کہ مسجد کے جس حجرے میں سید وارث شاہ نے 'ہیر' لکھی، اس میں میری پیدائش ہوئی۔ اب یہ جگہ جامع مسجد، ملکہ ہانس کے نام سے مشہور ہے۔ ملکہ ہانس سے پاک پتن کا فاصلہ نو میل ہے۔ ملکہ ہانس میں ہماری تھوڑی سی زمین تھی اور والد مرحوم بھی وہاں ایک سکول میں، سکول ماسٹر تھے۔ بعد میں وہ ٹرانسفر ہو کر پاک پتن چلے گئے اور وہیں ڈسٹرکٹ بورڈ مڈل سکول میں ہیڈ ماسٹر کے درجے سے ریٹائر ہوئے۔ ان کو ہیر وارث شاہ والی تصنیف سے بہت لگاؤ تھا۔ اس کی ایک وجہ شاید یہ بھی تھی کہ جس مسجد کے حجرے میں میری پیدائش ہوئی اس میں حضرت وارث شاہ نے یہ تصنیف قلمبند کی تھی۔

یہ داستان بھی مشہور ہے کہ وارث شاہ صاحب کو گاؤں کی ایک لڑکی سے محبت ہو گئی تھی جس کا نام "بھاگ بھری" تھا۔ جب یہ "عشق" پروان کی منزلوں تک پہنچنے لگا تو بھاگ بھری کے بھائیوں کو خبر ہو گئی۔ انہوں نے انتقاماً وارث شاہ کی خوب "خبر" لی۔ یہ سب واقعہ ملکہ ہانس کے مکینوں کو نسل در نسل آج تک معلوم اور یاد ہے۔

"ہیر" نامی کتاب کے متن کی صحت جانچنے کے لئے ان الفاظ کے مطالب کا کھوج لگانا ضروری ہے جو اس نظم میں استعمال ہوئے ہیں اور پھر وارث شاہ کے دور میں بھی مستعمل تھے۔ اب کئی جگہ ہیر کے ایک نسخے میں ایک لفظ ہوتا ہے اور دوسرے میں کوئی اور .... بعض نسخوں کی لکھائی بھی صاف نہیں اور پنجابی زبان میں تو اردو، فارسی اور عربی کی طرح ایک نقطہ یا "ڈنڈا" پڑنے یا نہ پڑنے سے یا مختلف انداز سے الفاظ لکھنے سے معنی بدل جاتے ہیں۔ پنجابی زبان کی کوئی اچھی لغت بھی ان ایام میں موجود نہ تھی (اور نہ اب ہے) .... اور وارث شاہ کے دور میں اس طرح کی لغت کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

گزشتہ ہفتے کافی عرصے کے بعد پاک پتن جانے کا اتفاق ہوا۔ میرے ہمراہ ایک بیٹی اور اس کا شوہر بھی تھا۔ جب ہم ساہیوال سے پاک پتن جانے والی سڑک پر چڑھے تو ایک خوشگوار حیرت ہوئی۔ ساری سڑک دو رویہ ہو چکی تھی، سارے گاؤں اور قصبے جو راستے میں آتے تھے، وہی تھے لیکن ان کے ناموں کے بورڈ اور زمینی تختیاں ہر کلو میٹر کے بعد جلی انداز میں نصب کر دی گئی تھیں۔ اس دوہری سڑک کے بیچوں بیچ ایک فٹ عرض کا تقسیم کار (Bifurcater) بھی بنا دیا گیا تھا جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی میں خاص حد تک آسانی پیدا ہو گئی تھی۔ میں تقریباً 20،15 برس بعد اس سڑک پر جا رہا تھا۔ سڑک کے دونوں اطراف میں پہلے ہل چلاتے ہوئے جو کسان اپنے بیلوں کو ہانکتے دکھائی اور سنائی دیتے تھے، ان کی جگہ اب ٹریکٹروں اور دوسرے مشینی زرعی آلات نے لے لی تھی۔ جگہ جگہ غلے کے گودام تعمیر کر دیئے گئے تھے .... یہ سب مناظر میرے لئے ایک خوشگوار حیرت کا سبب تھے۔

☆☆☆☆☆☆☆

نیا تعلیمی سال! والدین کی مشکلات

میاں اشفاق انجم

عزیز میں نئے تعلیمی سال کا آغاز ان حالات میں ہو رہا ہے جب ایران۔ اسرائیل امریکہ کشیدگی کے بعد بڑھتے ہوئے آئل اور معاشی بحران کی وجہ سے ملک بھر میں لاک ڈاؤن مختلف انداز میں نافذ ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کی وجہ سے روزمرہ اشیاء کی قیمتوں سمیت کرایوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے، دودھ سے دہی تک، سبزی سے پھلوں تک کی قیمتیں عوام کی پہنچ سے دور ہو گئی ہیں۔ حکومتی دعووں کے باوجود مارکیٹ میں درسی کتب کی شدید قلت ہے طلبہ اور والدین دونوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ گزشتہ کئی سالوں سے جاری مختلف تجربات کے بعد پنجاب میں نئی تعلیمی سال کا آغاز یکم اپریل سے کیا گیا ہے اور 31 مارچ تک تمام سرکاری اور نجی سکولوں نے نتائج کا اعلان کر دیا ہے، نئی کلاسوں میں جانے پر جہاں بچے بچیوں کو خوشیاں ملتی ہیں، مٹھائیاں تقسیم ہوتی ہیں وہاں والدین کے لئے نئی آزمائش آتی ہے بچوں کی نئی کلاسز، کتابوں اور یونیفارم کی فراہمی۔ پنجاب حکومت سمیت ہمارے مختلف صوبوں نے گزشتہ کئی سال سے مفت کتب کی فراہمی کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے مگر گزشتہ دو سال سے ہماری پنجاب حکومت نے سرکاری سکول نجی اداروں اور سرمایہ دار شخصیات اور سکولز چینز مالکان کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا ہوا ہے جس کی وجہ سے کتب کی پرنٹنگ پر توجہ کم ہو رہی ہے۔ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ کے اپنے مسائل ہیں، کاغذ کی آسمان سے باتیں کرتی قیمتیں اپنی جگہ مسائل جنم دے رہی ہیں۔ اپریل گزرنے کو ہے مارکیٹ میں درسی کتب کی شدید قلت ہے محدود سپلائی کی وجہ سے مسائل بڑھ رہے ہیں۔ کتب فروش، منافع خور علیحدہ سرگرم ہیں، والدین کے لئے ہر گزرنے والا دن آزمائش بن رہا ہے۔ سکولوں کی طرف سے دباؤ بڑھ رہا ہے، بچوں کا نقصان ہو رہا ہے اس وقت والدین کا شدید مالی بحران میں بچوں کے لئے دو وقت کی روٹی کا انتظام مشکل بنا دیا گیا ہے، مہنگی کتابیں مسئلہ بنی ہوئی ہیں۔ نئے مالی سال میں والدین مسائل کے گھن چکر میں پھنس کر رہ گئے ہیں کیونکہ سرکاری سکولوں میں سرکاری طرف سے مفت کتب کی فراہمی تاخیر کا شکار ہے اور نجی تعلیمی اداروں میں آکسفورڈ کتب کی قیمتیں بڑھا دی گئی ہیں۔ وزیر تعلیم پنجاب اور وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم مریم نواز شریف صاحبہ ٹرانسپورٹروں کی طرف سے کرائے نہ بڑھانے کا اعلان کر چکے ہیں لیکن ان تمام حکومتی اعلانات کے باوجود تعلیمی اداروں نے سالانہ فیسوں میں اضافے کی روایت کو برقرار رکھا ہے، کتابیں اور یونیفارم پرائیویٹ تعلیمی ادارے خود دیتے ہیں اس لئے ان پر کسی حکومت کا کوئی کنٹرول نہیں ہوتا، تعلیمی اداروں کی اپنی مناپلی ہے جتنی مرضی حکومت حتی کرے وہ سالانہ کم از کم 10 فیصد فیسوں میں اضافہ کرتے ہیں اسی طرح یونیفارم کی قیمتوں میں اضافہ بھی لازمی قرار دیتے ہیں۔ پرائیویٹ تعلیمی اداروں کی اپنی ٹرانسپورٹ کا نظام ہے وہ ماہانہ فیسوں اور یونیفارم کی قیمتوں کی طرح کرایوں میں اضافہ بھی فرض سمجھتے ہیں۔

پنجاب حکومت گزشتہ دس سال سے نجی تعلیمی اداروں کو کنٹرول کرنے کے لئے اتھارٹی بنانے میں ناکام رہی ہے، نجی تعلیمی اداروں کی اجارہ داری میں مداخلت حکومت کے لئے کسی بڑے چیلنج سے کم نہیں ہے، حالانکہ میں وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر کی ذاتی طور پر کارکردگی سے بڑا خوش ہوں انہوں نے جس انداز میں میٹرک کے امتحان کے نظام کو مانیٹر اور نقل مافیا کو نکیل ڈالی ہے وہ قابل ستائش ہے۔ حکومتی دعوؤں اور وزیر تعلیم کے دوروں کے باوجود بعض شعبوں میں ایسی مناپلی قائم ہے ایسے مافیا مسلط ہیں جو شاید اتنی آسانی سے جان نہ چھوڑ سکیں۔ ان حالات میں جب والدین کے لئے بچوں کی روزی روٹی کے لالے پڑے ہوئے ہوں وہاں ان کی تعلیم ثانوی حیثیت بن جاتی ہے۔ پنجاب میں جس انداز میں بارشوں نے تباہی مچائی ہے مہنگائی نے جینا دوبھر کر دیا ہے وہاں بچوں کے لئے نئے تعلیمی سال پر کتب کی فراہمی اور ان کو ان کے اداروں میں خود پہنچانا پارکشوں، ویگنوں کے ذریعے جانا آسان نہیں رہا کیونکہ پنجاب حکومت کی طرف سے ٹرین، سپیڈو، میٹرو کو فری کرنے کا جس انداز میں خیر مقدم کیا گیا ہے وہ قابل ستائش ہے، سب کچھ درست ہے مگر کب تک ہوگا؟ یہ سب آنے والے حالات میں جب بحران بڑھنے کی خبریں آ رہی ہیں۔ حکومت کتنی دیر مفت سروس دے سکے گی یقیناً نئے تعلیمی سال میں والدین کے لئے درسی کتب کی فراہمی مسئلہ نہیں ہے، بلکہ اس سے بڑا مسئلہ یونیفارم کی فراہمی، ان کو ان کے سکولوں تک پہنچانا بھی مسئلہ ہے۔ پنجاب سمیت ملک بھر میں زیادہ آبادی تیزی سے پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں اپنے بچوں کا مستقبل محفوظ سمجھ رہی ہے، نجی تعلیمی اداروں کی اجارہ داری اور مناپلی کو چیلنج کرنا والدین کے بس میں نہیں۔

ملکی معاشی بحران، لاک ڈاؤن، آئل بحران، مہنگائی کے بڑھتے ہوئے دباؤ میں حکومت کو عوام سے رابطہ کر کے اعتماد میں لینا ہوگا۔ بہت سے مسائل عوامی اعتماد سے کم ہو سکتے ہیں موجودہ حالات میں حکومتی اقدامات مثبت ہونے کے باوجود عوام میں پذیرائی نہیں پا رہے، وجوہات تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں آنے والی آزمائشوں میں اللہ سے معافی اور اس کی بارگاہ میں سربسجود ہونے کی بھی ضرورت ہے۔

کیونکہ سرکاری سکولوں میں سرکار کی طرف سے مفت کتب کی فراہمی تاخیر کا شکار ہے اور نجی تعلیمی اداروں میں آکسفورڈ کتب کی قیمتیں بڑھا دی گئی ہیں۔ وزیر تعلیم پنجاب اور وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ ٹرانسپورٹروں کی طرف سے کرائے نہ بڑھانے کا اعلان کر چکے ہیں لیکن ان تمام حکومتی اعلانات کے باوجود تعلیمی اداروں نے سالانہ فیسوں میں اضافے کی روایت کو برقرار رکھا ہے، کتابیں اور یونیفارم پرائیویٹ تعلیمی ادارے خود دیتے ہیں اس لئے ان پر کسی حکومت کا کوئی کنٹرول نہیں ہوتا، تعلیمی اداروں کی اپنی مناپلی ہے جتنی مرضی حکومت حتی کرے وہ سالانہ کم از کم 10 فیصد فیسوں میں اضافہ کرتے ہیں اسی طرح یونیفارم کی قیمتوں میں اضافہ بھی لازمی قرار دیتے ہیں۔ پرائیویٹ تعلیمی اداروں کی اپنی ٹرانسپورٹ کا نظام ہے وہ ماہانہ فیسوں اور یونیفارم کی قیمتوں کی طرح کرایوں میں اضافہ بھی فرض سمجھتے ہیں۔

ان حالات میں جب والدین کے لئے بچوں کی روزی روٹی کے لالے پڑے ہوئے ہوں وہاں ان کی تعلیم ثانوی حیثیت بن جاتی ہے۔ پنجاب میں جس انداز میں بارشوں نے تباہی مچائی ہے مہنگائی نے جینا دوبھر کر دیا ہے وہاں بچوں کے لئے نئے تعلیمی سال پر کتب کی فراہمی اور ان کو ان کے اداروں میں خود پہنچانا پارکشوں، ویگنوں کے ذریعے جانا آسان نہیں رہا کیونکہ پنجاب حکومت کی طرف سے ٹرین، سپیڈو، میٹرو کو فری کرنے کا جس انداز میں خیر مقدم کیا گیا ہے وہ قابل ستائش ہے

بلوچستان کی ادبی ولسانی نمود کا ابلاغیاتی پہلو

شیخ فرید

"چپ کا شور" کی ادبی دنیا میں گونج

مست توکلی ادبی تنظیم کا مشاعرہ، عظمیٰ جون کی صدارت

برگ اور بلوچستان ریفارمز سوسائٹی نیٹ ورک کا اشتراک

ادبی منظر نامہ کی اشاعت کا تیسرا برس مکمل ہونے پر خدائے برتر و اعلیٰ کے حضور سجدہ شکر بجا لاتا ہوں کہ رب کریم نے سرخرو فرمایا اور کالم کو ادبی حلقوں میں پذیرائی ملی۔ ادبی منظر کی تمام تر خوبصورتیاں اہل قلم کی محنتوں کی مرہون منت ہیں کہ انہوں نے ہمیشہ حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے اپنی پسندیدگی کا برملا اظہار کیا۔ مجھے یہ اعتراف کرنے میں کوئی عار نہیں کہ ادبی منظر لکھنے سے اگر کوئی کمی، خامی یا سقم رہ جاتا ہے تو یہ میری کم علمی پر موقوف سمجھا جائے۔

پہلے تو میں اُن تمام ادبی دوست احباب کا مشکور ہوں جنھوں نے قدم قدم پر سراہا اور میرا مان بڑھایا، دوسرا اُن دوستوں سے معذرت چاہتا ہوں جن کو ادبی منظر میں غیر دانستہ طور پر تصویر نہ لگنے، نام رہ جانے یا اُن کا ذکر خیر نہ کرنے پر شکایت یا گلہ کا موقع ملا میں اُن سب سے معافی کا طلب گار ہوں۔

زاہد آفاق ہمارے ملک کے نامور شاعر ہیں۔ اُن کا شعری مجموعہ "مشغلہ" نے بے حد مقبولیت حاصل کی ہے پچھلے کالم میں اُن کا نام سہواً زاہد آفاق کی بجائے شاہد آفاق چھپ گیا جس کیلئے ادارہ معذرت خواہ ہے۔ اُمید ہے اب گلہ جاتا رہا ہوگا۔

کوشش ہوتی ہے ادبی منظر میں پورے بلوچستان کے ادبی منظر کو پیش کیا جائے تاہم کبھی کبھی دامن کی تنگی کے باعث یہ ممکن نہیں ہو پاتا۔ برحال کوشش ہے ادبی منظر آپ کی توقعات پر پورا اترے۔

ش کا رقص کے بعد جواں فکر شاعر احمد وقاص کاشی کا دوسرا شعری مجموعہ "چپ کا شور" ایک نئی ادبی گونج کے ساتھ شائع ہوگیا جس کی تقریب رونمائی خانہ فرہنگ ایران کے خوبصورت آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی تقریب کی صدارت معروف محقق، ادیب اور ماہر تعلیم پروفیسر سلطان الطاف علی نے کی، جبکہ سید ابو الحسن امیری اور غلام سرور بروہی نے مہمان خاص کی حیثیت سے تقریب کو رونق بخشی۔ تقریب کا آغاز عظیم انجم بھیجی نے تلاوت قرآن سے کیا۔ مشہور نعت خواں شہزادہ عالم نے بارگاہ رسالت میں ہدیہ گلہائے عقیدت کا نذرانہ پیش کیا۔ تقریب میں سرور جاوید، ریاض ندیم نیازی، کمیل قزلباش، بیرم غوری، ڈاکٹر عمران کامل ہاشمی، احمد وقاص، محترمہ انجم جاوید، اکبر ساسولی، رشید حسرت، عجب سائل، محترمہ پروفیسر جویریہ حق اور محترمہ تنسیم صنم نے شرکت کی۔ معروف شاعرہ عظمیٰ جون نے سبی سے آنا تھا مگر اپنی طبیعت ناسازگی کے باعث نہ آپائے اسی طرح نوجوان شاعر فیض شیخ اپنے دورہ گوادر کی وجہ سے شرکت نہ کر سکے۔ ایلاف پبلیشرز کی جانب سے اس موقع پر ادبی کتب کا اسٹال بھی لگایا گیا تھا۔ تاہم کتب کی خریداری کا تناسب بہت کم تھا۔

مست توکلی ادبی و سماجی تنظیم سبی اور بلوچستان فلاحی ادبی و ترقیاتی ٹرسٹ کے زیر اہتمام ایک شعری نشست منعقد ہوئی۔ جس میں مقامی شعرا نے بھرپور شرکت کی۔ نظامت کے فرائض جناب توقیر اسیر نے ادا کیے۔ تقریب کی صدارت ممتاز شاعرہ عظمیٰ جون نے فرمائی، جبکہ نشست کے مہمان خاص ملک سعید تنگ تھے۔ نظامت کے فرائض توقیر اسیر نے انجام دیئے۔ مشاعرے میں شریک عظمیٰ ج%ون سمیت کو شعراء کرام شامل تھے ان میں حسنین اقبال مہتاس، فیاض تبسم، امیت کمار عاصی، پروفیسر شاہنواز راہی، لیاقت شریف ناز اور نصیب اللہ شوقین قابل ذکر ہیں۔ اس کے علاوہ محمد انور تنگ، شکیل الرحمن عرف گھنڈو، مخدوم خالد شیخ نے بھی شرکت کی، بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) اور بلوچستان ریفارمز سوسائٹی نیٹ ورک مشترکہ طور پر 20 اپریل بروز سوموار ریڈیو پاکستان کوئٹہ میں معروف شاعرہ صدف غوری کے اعزاز میں ایک تقریب منعقد کر رہے ہیں جو کہ ایک اچھی روایت کی ابتداء ہے۔ تقریب میں "سنگ صدف" کی رونمائی بھی کی جائے گی۔

سکول ایجوکیشن کے تھڑدلے افسر

ناصر بشیر

چنیوٹ میں سکول ایجوکیشن کے کسی تھڑدلے افسر نے ایک خاتون ٹیچر کو اتنی سی بات پر معطل کر دیا ہے کہ وہ سکول میں بچوں کے ساتھ بیٹھ کر آرائش جمال کا سا لطیف کام کر رہی تھی۔ نہ صرف یہ کہ اسے معطل کر دیا بلکہ اس کی تنخواہ بند کرنے کا حکم بھی جاری کر دیا ہے۔ البتہ اسے اتنی رعایت دی گئی ہے کہ وہ تنخواہ کے علاوہ ملنے والے کچھ الاؤنسز میڈیکل بل جمع کرا کے حاصل کر سکتی ہے۔ ستم بالائے ستم یہ ہے کہ اس خاتون ٹیچر کو معطلی کے تمام عرصے میں روزانہ اپنے دفتر میں حاضر ہونے کا حکم بھی دیا ہے۔ اس افسر کے اس حاکمانہ اور خالمانہ طرز عمل کو دیکھ کر مجھے اپنی ایک نظم کے یہ اشعار یاد آ گئے: باپ دادا کی طرح بچوں کے ساتھ ڈانٹ ڈپٹ اور سخت گیری کا رویہ نہیں اپنایا لیکن بیٹے کیساتھ جو دوستی اور گرم جوشی ہونی چاہیے اس کا اظہار کبھی نہ کر سکا

کم ظرف آدمی کو خدا افسری نہ دے
اس سے بڑا عذاب نہیں، قوم کے لیے
اُن فائلوں کو شوق سے پڑھتا ہے حرف حرف
جن فائلوں پہ ہوتے ہیں، پیسے لگے ہوئے
یہ انکوائری پہ کرے انکوائری
دو چار کو کرے یہ معطل، کھڑے کھڑے
یہ اس کو انگلیوں پہ نچاتا ہے رات دن
جو اس کے محکمے کی وزارت میں آ پھنسے
یہ عقل کل سمجھتا ہے بس اپنے آپ کو
کوئی اگر کہے کہ یہ دن ہے، تو شب کہے
آرام کے لیے بھی تو کچھ وقت چاہیے
افسر بکار خاص بھی بن کر یہ خوش رہے

پہلی بات تو یہ ہے کہ بناؤ سنگھار ہر عورت کا بنیادی حق ہے اور اگر وہ اپنے مقام کار پر صاف ستھرا بن کر رہنا چاہتی ہے تو اس میں کون سی برائی ہے؟ مرد اساتذہ بھی تو سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں اپنی جیب سے کنگھی نکال کر کبھی کبھار سر کے بال سیدھے کر ہی لیتے ہیں۔ بعض تو کلاس روم میں آ کر خوش بو دار سپرے بھی استعمال کرتے ہیں۔ گویا صاف ستھرا رہنے اور اچھا دکھنے کی خواہش مردوں اور عورتوں دونوں میں برابر ہوتی ہے۔ ہم تو ویسے بھی صفائی کو نصف ایمان کہتے ہیں۔ گھر سے دفتر تک پہنچتے پہنچتے ماحولیاتی آلودگی ہمارا جو حال کرتی ہے وہ کسی سے ڈھکا چھپا تو نہیں۔ اگر ایک استاد یا استانی بکھرے بالوں اور گرد آلود چہرے کے ساتھ کلاس روم میں جائے گی تو طلبہ و طالبات پر اس کا کیا اثر ہوگا؟ بتانے کی ضرورت ہی نہیں۔ استاد اپنے شاگردوں کے لیے ایک رول ماڈل ہوتا ہے اگر استاد خود صفائی پسند ہوگا تو اس کے شاگرد بھی صفائی پسند ہوں گے۔ طالبات کو تو سکولوں کالجوں میں امور خانہ داری کا مضمون بھی پڑھایا جاتا ہے۔ کیا صفائی اور بناؤ سنگھار خانہ داری میں شامل نہیں؟ اگر ایک خاتون استاد نے بچیوں کو عملی طور پر بناؤ سنگھار کے عمل کا حصہ بنایا ہے تو اس میں غلط کیا ہے؟ ہم نے تو اب تک یہی جانا ہے کہ انسان نصیحتوں اور کتابی علم سے کم بدلتا ہے کسی رول ماڈل کو دیکھ کر وہ اپنی شخصیت میں زیادہ بہتر انداز میں تبدیلی لا سکتا ہے۔ اس بات کو مثال سے یوں سمجھایا جاسکتا ہے کہ اگر آپ کسی کو کہیں کہ دیانت داری اپناؤ تو شاید اس کا مفہوم اس کی سمجھ میں نہ آئے لیکن اگر آپ کسی کے سامنے کسی کی گم شدہ رقم اسے واپس لوٹا دیں گے تو یہ بہت سوں کے لیے ایک عملی سبق ہوگا۔ آپ کے اس عمل سے کئی لوگوں کی شخصیت بدل سکتی ہے۔

پیارے پڑھنے والو! ذرا آپ اپنے طالب علم کا زمانہ یاد کیجیے۔ اساتذہ کرام بچوں سے کتنے کام لیا کرتے تھے؟ میں تب پرائمری سکول کا طالب علم تھا جب میرے ماسٹر صاحب مجھے بجلی کا بل یا رقم جمع کرانے کے لیے بنک بھیج دیا کرتے تھے۔ ڈاکٹر کا نسخہ اور رقم دے کر میڈیکل سٹور سے دوا لینے بھیج دیا کرتے تھے۔ میرے ایک استاد مکرم نے تو نیا شناختی بنوانے کے لیے ملنے والی رسید دے کر مجھے شناختی کارڈ آفس میں پیدل ہی بھیج دیا تھا جو سکول سے کم از کم پانچ کلومیٹر دور اور سنسان مقام پر تھا۔ کمال کی بات یہ ہے کہ میں ان کا نیا شناختی کارڈ لے کر بخیریت سکول واپس پہنچ گیا تھا۔ یہ دراصل عملی تعلیم کا ایک انداز ہوتا تھا۔ مجھے آج بھی یاد ہے کہ ہر روز کسی ایک کلاس کے طلبہ کو سکول کے صحن میں بھیج دیا جاتا اور کہا جاتا تھا کہ جہاں کہیں کاغذ کا کوئی ٹکڑا پڑا ہو دکھائی دے، جمع کرو اور کوڑے کی ٹوکری میں پھینک دو۔ اس عمل نے مجھے اور میرے ساتھیوں کو ماحولیاتی آلودگی سے بچاؤ کا شعور دیا۔ میرے ساتھ عجیب واقع پیش آیا، گہری نیند سے بیدار ہوا، فجر کا وقت تھا وضو کر کے دوڑتا مسجد کی طرف جا رہا تھا لیکن دھوپ بہت تیز اور فرش انتہائی گرم تھا

آج صورت حال اس کے برعکس ہے۔ سکول کے اساتذہ بچوں سے اس نوعیت کا کوئی کام کرا کے تو دکھائیں۔ والدین شکایت لے کر افسروں کے پاس پہنچ جاتے ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اساتذہ کرام کی شامت آجاتی ہے اور اگر اس طرح کی کوئی ویڈیو وائرل ہو جائے تو بہت سے چھوٹے افسروں کی قربانی بھی دے دی جاتی ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ اب تھڑدلے لوگ بڑے عہدوں پر فائز ہو گئے ہیں جنھیں معلوم ہی نہیں کہ غلط کیا ہے اور درست کیا؟ وہ فقط اپنی افسری دکھانے کے لیے ایسے آرڈر جاری کر ڈالتے ہیں جیسا چنیوٹ کے افسر نے جاری کیا ہے۔ میں انھیں یہ آرڈر واپس لینے کے لیے کہوں گا تو شاید اسے کار سرکار میں مداخلت سمجھا جائے۔ میں نے تو اپنے دل کی بات آپ کے سامنے رکھنا تھی، سو رکھ دی ہے۔ اگر سکول ایجوکیشن میں کوئی کشادہ دل افسر ہے تو معاملے کو خود سنبھال لے گا۔

☆☆☆☆☆

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990، فیکس 081-2470991، بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: بلت نیوز ایجنسی گوادر، موبائل نمبر: 0332-2364234، میاں جزاک اللہ ایڈیٹر اسلام آباد، آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010، فون نمبر 051-8311430، فیکس نمبر 051-8311450، ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

کی منظوری اور پیش رفت پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ حکومت کی جانب سے جاری اقدامات سے علاقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی بہتر ہوگی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بارکھان سمیت پسماندہ علاقوں کی ترقی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ وہ ڈیرہ بگٹی کے بعد بارکھان کو اپنا دوسرا گھر تصور کرتے ہیں اور علاقے کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں اور ان شعبوں میں بہتری لانا حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آئندہ بجٹ میں عوامی فلاح و بہبود اور علاقائی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبے شامل کیے جائیں گے تاکہ پائیدار ترقی کا عمل تیز کیا جا سکے میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے دور دراز اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں کے دائرہ کار کو مزید وسعت دی جا رہی ہے تاکہ محرومیوں کا خاتمہ ہو اور عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صوبے کے ہر علاقے کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

شال بقیہ 2

مندوب نے کہا کہ پاکستان نے اسلام آباد مذاکرات کی کامیاب میزبانی کی اور مذاکرات فریقین کے ساتھ رابطوں اور سفارتی کوششوں کے نتیجے میں ممکن ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے تمام برادر ممالک کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کی حمایت کرتے ہیں۔ عاصم افتخار نے کہا کہ آبنائے ہرمز اشیا اور توانائی کی ترسیل کے لیے ایک نہایت اہم بین الاقوامی بحری گزرگاہ ہے اور پاکستان جہازوں اور عملے کی سلامتی، محفوظ آمد و رفت اور اس آبنائے میں معمول کی بحری نقل و حرکت کی بحالی کا مطالبہ کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آبنائے ہرمز کی صورتحال دنیا بھر کے ممالک بشمول پاکستان پر منفی اثرات مرتب کر رہی ہے اور اس سے پاکستانی عوام بھی اس سے متاثر ہو رہے ہیں۔ پاکستانی مستقل مندوب نے بتایا کہ اس کے اثرات توانائی کی فراہمی تک محدود نہیں بلکہ کھاد اور دیگر ضروری اشیا تک بھی پہنچتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف نے بھی سنگین خطرات سے خبردار کیا ہے اور توانائی بحران کے جواب میں دنیا بھر کے ممالک میں عوامی قرضوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا۔ عاصم افتخار نے کہا کہ عسکری کشیدگی اور رکاوٹیں برقرار رہیں تو مشکلات بڑھیں گی اور اثرات وسیع معاشی مشکلات میں تبدیل ہوں گے جبکہ امن کی طرف واپسی سب کے لیے فائدہ مند ہوگی۔

شال بقیہ 3

کے طے کردہ راستوں سے گزرنا ہوگا۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی ایرانی وزیر خارجہ کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے ایران کا شکریہ ادا کیا۔ سوشل میڈیا پر انہوں نے لکھا کہ ایران نے ابھی اعلان کیا ہے کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھلی ہے اور مکمل آمد و رفت کے لیے تیار ہے۔ شکریہ! ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ٹروتھ سوشل پر ایک اور فالو اپ پوسٹ سامنے آئی، جس میں انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھلی ہے اور کاروبار کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے لکھا کہ لیکن ایران کے حوالے سے بحری ناکہ بندی پوری طاقت اور موثر انداز میں برقرار رہے گی، اور یہ اسی وقت تک جاری رہے گی جب تک ایران کے ساتھ ہمارا لین دین 100 فیصد مکمل نہیں ہو جاتا۔ امریکی صدر نے کہا کہ یہ عمل بہت تیزی سے مکمل ہونا چاہیے کیونکہ زیادہ تر نکات پہلے ہی طے پا چکے ہیں۔

شال بقیہ 4

اقتصادی تبدیلی کی لہر کو بھڑکا سکتی ہے۔ مستقبل قریب میں ہم پاکستان کو ایک عالمی سرمایہ کاری کے پاور ہاؤس کے طور پر تصور کرتے ہیں جو جدیدیت اور باہمی تعاون کا حسین امتزاج بنے گا۔ ہر منصوبے کے ساتھ ہم تخلیق کاروں، اختراع کاروں اور بزنس لیڈرز کی ایک نسل کو فروغ دیتے ہیں اور ایسی بنیاد رکھتے ہیں جو تعمیر و ترقی کے جذبے کو ان کے طے شدہ حدود سے بہت آگے لے جائیں گے۔ یہ ہمارے مستقبل کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کا بہترین وقت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چائنیز قونصلیٹ کراچی میں منعقدہ پاکستان چائنا انویسٹمنٹ سیمینار 2026 کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کراچی میں تعینات چینی قونصل جنرل یانگ یونڈونگ (Yang,Mr Yundong)، بایزید خان کاسی، صدر پاکستان چائنہ اکنامک اینڈ کلچرل کونسل، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ہمیں محض معدنیات برآمد کرنے کی بجائے یہاں پراسیسنگ پلانٹس لگانے پر بھی توجہ مرکوز کرنی ہوگی تاکہ ہم پورے صوبے کو ایک جدید صنعتی مرکز میں تبدیل کرنے کے قابل بن سکیں۔

شال بقیہ 5

بہت جلد ہمیں فتح ملنے جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کے پاس دنیا کی بہترین فوج ہے اور اسے مزید بہتر کر رہے ہیں، بہترین فوج کی وجہ سے ایران جنگ میں جو کچھ کرنا چاہا وہ کیا۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران سے جوہری پروگرام کی وجہ سے جنگ کرنی پڑی تاہم ایران میں جنگ بہت جلد ختم ہونے جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکی فوج کے پاس جدید ٹیکنالوجی ہے اور مزید بہتر کریں گے۔

شال بقیہ 6

یورپین بزنس فورم 28 اور 29 اپریل 2026 کو اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہوگا، جس میں 300 سے زائد یورپی کمپنیوں کی شرکت متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فورم کے دوران پاکستانی اور یورپی کمپنیوں کے درمیان سینکڑوں بزنس ٹو بزنس ملاقاتیں ہوں گی، جو باہمی تجارتی روابط کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ جام کمال خان نے اس امید کا اظہار کیا کہ بزنس فورم پاکستان میں تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرے گا اور ملک کا مثبت اور کاروبار دوست تشخص عالمی سطح پر اجاگر کرے گا۔

شال بقیہ 7

مارکیٹ میں داخلے کے بعد یہ برآمدات 800 ملین ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ روس کو برآمدات سے ابتدائی طور پر 300 ملین ڈالر آمدن متوقع ہے جو ملکی معیشت کیلئے مثبت پیشرفت ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سی فوڈ برآمدات کیلئے سمندری، فضائی اور زمینی راستے استعمال کیے جائیں گے جبکہ وسطی ایشیائی ممالک تک زمینی راستہ ایک کم لاگت تجارتی راہداری قرار دیا گیا ہے، قازقستان، ازبکستان اور ترکمانستان میں پاکستانی مچھلی کی بڑی طلب موجود ہے، جو برآمدی مواقع کو مزید بڑھا سکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستانی بندرگاہیں علاقائی تجارت میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں جبکہ پاکستانی گرم پانی کی مچھلیاں عالمی مارکیٹ میں مسابقتی برتری حاصل کر سکتی ہیں۔ وزیر بحری امور نے اس امید کا اظہار کیا کہ بہتر انفراسٹرکچر اور عالمی معیار پر عملدرآمد سے سی فوڈ برآمدات میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔

شال بقیہ 8

کا مظاہرہ ناگزیر ہو جاتا ہے۔ یہی قومی ہم آہنگی دراصل ملک کو درپیش اندرونی و بیرونی چیلنجز سے نمٹنے کی اصل قوت ہے۔ مولانا عبدالواسع نے قائد جمعیت کی بصیرت، دوراندیشی اور عالمی و علاقائی حالات پر گہری نظر کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی فہم و دانش نے ہمیشہ بروقت رہنمائی فراہم کی، جو آج بھی پیچیدہ معاملات کے حل میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ عالمی اقتصادی حالات کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کے کھلنے اور بین الاقوامی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے بعد یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ اس کے ثمرات فوری طور پر عوام تک منتقل کیے جائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ جس تیزی کے ساتھ ماضی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا، اسی سنجیدگی اور رفتار کے ساتھ اب کمی بھی کی جانی چاہیے تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت ملک کا ہر طبقہ مہنگائی کے شدید دباؤ میں ہے۔ عام آدمی کی قوت خرید بری طرح متاثر ہو چکی ہے، والدین کے لیے بچوں کی تعلیم کے اخراجات برداشت کرنا مشکل ہو گیا ہے، جبکہ کاروباری سرگرمیوں میں غیر یقینی کی فضا بڑھتی جا رہی ہے۔ ایسے حالات میں حکومت کو تاخیر یا تذبذب کا شکار ہونے کے بجائے فوری، واضح اور عوام دوست فیصلے کرنے ہوں گے تاکہ معاشی استحکام اور عوامی اعتماد بحال کیا جا سکے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ قومی مفاد، عوامی فلاح اور معاشی استحکام کو مدنظر رکھتے ہوئے دانشمندانہ اور بروقت اقدامات ہی پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نکال سکتے ہیں اور ایک مضبوط، مستحکم اور باوقار ریاست کے طور پر اس کی پوزیشن کو مزید مستحکم کر سکتے ہیں۔

شال بقیہ 9

خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ 34 سالوں میں پہلی بار ملاقات کی۔ اس سے مراد ٹرمپ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کی سرپرستی میں دونوں فریقوں کے درمیان ہونے والی حالیہ ملاقات لے رہے تھے۔ ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ انہوں نے نائب صدر جے ڈی وینس، وزیر خارجہ روبیو اور جوائنٹ چیفس آف سٹاف کے چیئرمین ڈین کین کو ذمہ داری سونپی ہے کہ وہ مستقل امن کے حصول کے لیے اسرائیل اور لبنان کے ساتھ مل کر کام کریں۔ ٹرمپ نے اپنی پوسٹ کا اختتام یہ کہتے ہوئے کیا کہ دنیا بھر میں نو جنگیں ختم کرنے میں حصہ لینا میرے لیے اعزاز کی بات تھی اور یہ دسویں ہوگی، لہٰذا آئیے اسے مکمل کریں۔ دوسری طرف لبنانی ایوان صدر نے اعلان کیا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور لبنانی صدر جوزف عون کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس میں لبنان میں جنگ بندی کے لیے کی جانے والی کوششوں اور خطے میں استحکام کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جاری بیان کے مطابق جوزف عون نے گفتگو کے دوران لبنان میں جنگ بندی، مستقل امن و استحکام کی فراہمی اور خطے میں امن عمل کی راہ ہموار کرنے کے لیے ٹرمپ کی کوششوں پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار بھی کیا کہ جتنی جلدی ممکن ہو سکے جنگ بندی کے لیے یہ کوششیں جاری رہیں گی۔

شال بقیہ 10

بہت اہمیت دیتا ہے اور اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ پائیدار امن صرف مذاکرات، خودمختاری کے باہمی احترام اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ بندی دیرپا امن کی جانب پیش رفت کا ایک موقع ہے۔ لبنان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی مسلسل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ مغربی ایشیا میں دیرپا امن کا انحصار تنازعات کی بنیادی وجوہات کے حل پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے لیے علاقائی اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ فعال طور پر رابطے میں ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان خطے میں کشیدگی میں کمی اور منصفانہ، دیرپا اور جامع امن کے فروغ کے لیے ہر مخلصانہ اقدام کی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جاری دو ہفتے کی جنگ بندی کے وسیع تر مفاد میں لبنان میں بھی تحمل شامل تھا جس کی اسرائیل کی جانب سے خلاف ورزی کی گئی۔ صدر مملکت نے کہا کہ اس اقدام کی کسی بھی انحراف سے کشیدگی میں اضافہ ہو سکتا ہے، اس اہم مرحلے پر ضروری ہے کہ تمام فریقین تحمل اور ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کریں۔

شال بقیہ 11

کا شاندار استقبال کیا گیا۔ قطر کی حدود میں داخل ہوتے ہی قطری فضائیہ کے لڑاکا طیاروں نے وزیر اعظم شہباز شریف کے جہاز کو حفاظتی حصار میں لے لیا اور ایئرپورٹ تک چھوڑا جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ قطری طیاروں نے وزیراعظم شہباز شریف کے جہاز کو حصار میں لیا تو اس پر وزیراعظم نے ان کو سلوٹ پیش کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں قطری قیادت اور پائلٹس کا اس شاندار استقبال پر شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے قطری جہاز کی تصویر بھی شیئر کی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف نے دوحہ میں قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی سے ملاقات کی تھی۔ ملاقات میں امن و استحکام کے لیے کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کی اہمیت پر زور دیا گیا تھا۔

شال بقیہ 12

کے دوران انہوں نے مزید کہا کہ ایران ایک خوشحال مستقبل اور سنہری پل کا انتخاب کر سکتا ہے اور ہمیں امید ہے کہ وہ اپنے عوام کی خاطر ایسا ہی کرے گا۔ تاہم ساتھ ہی ان کا کہنا تھا کہ اگر ایران نے غلط انتخاب کیا تو اسے ناکہ بندی اور بنیادی ڈھانچے و توانائی پر بمباری کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہیگستھ نے اس بات کی بھی تصدیق کی کہ ایرانی بندرگاہوں کی امریکی ناکہ بندی کامیاب ہے اور یہ جب تک ضرورت پڑی جاری رہے گی۔ انہوں نے اشارہ کیا کہ امریکی بحریہ آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کو کنٹرول کر رہی ہے کیونکہ اس کے پاس ایک بحری بیڑا موجود ہے، جو اب ایران کے پاس نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ واشنگٹن کی جانب سے اعلان کردہ ایرانی بندرگاہوں کی ناکہ بندی کا نفاذ العمل ہونے کے چوتھے دن، میں یہ واضح کر دوں کہ اس ناکہ بندی میں ایرانی بندرگاہوں کی طرف آنے اور جانے والے تمام بحری جہاز شامل ہیں، خواہ ان کی قومیت کچھ بھی ہو اور ہم یہ ناکہ بندی اس وقت تک جاری رکھیں گے جب تک ضرورت ہوئی۔ ایران کے سپریم لیڈر کے انجام کے بارے میں بات کرتے ہوئے ہیگستھ نے کہا ہمارا خیال ہے کہ ایرانی سپریم لیڈر زخمی ہیں لیکن وہ زندہ ہیں۔ چین کے حوالے سے ہیگستھ نے بتایا کہ بیجنگ نے ہمیں یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ جنگ بندی کے دوران ایران کو ہتھیار نہیں بھیجے گا۔ حوثیوں کے حوالے سے امریکی وزیر دفاع نے اب تک ان کی عدم مداخلت کی تعریف کی۔

شال بقیہ 13

سے افراد کی فائرنگ سے امین اللہ اور سعادت اللہ ولد حاجی عطاء اللہ موقع پر جاں بحق ہوگئے۔ واقعہ کے بعد حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پولیس نے اطلاع ملتے ہی جائے وقوعہ پر پہنچ کر لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 14

کہا کہ اسرائیلی فوج جنگ بندی کے دوران ان ہی مقامات پر موجود رہے گی جہاں وہ تعینات ہے۔

شال بقیہ 15

دیئے ہیں۔ عدالت کا فیصلہ جسٹس عامر فاروق نے اکثریتی رائے سے جاری کیا جس میں قرار دیا گیا کہ خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی کے معاملات مکمل طور پر حکومت کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں اور عدلیہ ان معاملات میں مداخلت نہیں کر سکتی۔ فیصلے میں کہا گیا کہ حکومت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کن ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم رکھے اور کن پر پابندیاں عائد کرے۔ عدالت نے واضح کیا کہ اگر عدلیہ تجارتی پالیسیوں میں مداخلت کرے تو یہ آئینی حدود سے تجاوز ہوگا۔ عدالت نے لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے وفاقی حکومت کو نظرثانی کیلئے افسر مقرر کرنے کے حکم کو بھی کالعدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام از خود نوٹس کے دائرہ اختیار سے باہر تھا تاہم درخواست گزار اپنے مسائل کے حل کے لیے براہ راست وفاقی حکومت سے رجوع کر سکتے ہیں۔ فیصلے کے مطابق پڑھنے کا حق بنیادی حق ضرور ہے، یہ ملکی قوانین اور خارجہ پالیسی کے تحت عائد پابندیوں سے مشروط ہے۔

شال بقیہ 16

جاری نہیں کرے گی، پارٹی بشریٰ بی بی کے ایشو کو لیکر کوئی متنازع پریس کانفرنس نہیں کرے گی۔ ذرائع کے مطابق بشریٰ بی بی کی رہائی قانونی طریقے سے ہوگی، کوٹ لکھپت جیل میں اسیر رہنماؤں کی اپیلوں پر جلد سماعت ہو سکتی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے گزشتہ روز کوٹ لکھپت جیل میں پی ٹی آئی کے اسیر رہنماؤں سے ملاقات کی۔ ملاقات کے بعد بیرسٹر گوہر نے بانی کی بہن نورین نیازی سے طویل ملاقات کی۔ اگلے ہفتے بیرسٹر گوہر، محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس بانی کی فیملی سے ملاقات کریں گے، تینوں رہنما بانی کی فیملی کو دوبارہ اعتماد میں لیں گے۔

شال بقیہ 17

کی۔ ایف آئی اے نے پاسپورٹ جعلی ہونے پر ملزم محمد رضا کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزم کو انٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل ملتان منتقل کر دیا گیا جہاں اس سے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

شال بقیہ 18

ایف کے بہار اجلاس 2026 کے موقع پر جے پی مورگن کے زیراہتمام "پاکستان: معاشی و مالیاتی پالیسی کا جائزہ" کے عنوان سے منعقدہ سرمایہ کاری سیمینار میں شرکت کی جہاں انہوں نے عالمی سرمایہ کاروں سے گفتگو کی۔ اس موقع پر سٹیٹ بینک کے گورنر بھی شریک تھے۔ ابتدائی کلمات میں وزیر خزانہ نے بتایا کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے ساتھ ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی (ای ایف ایف) کے تیسرے جائزے اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی (آر ایس ایف) کے دوسرے جائزے کیلئے سٹاف لیول معاہدہ مکمل کر لیا ہے جس کی منظوری جلد متوقع ہے۔ سینیٹر اورنگزیب نے اس امر کا اظہار کیا کہ پاکستان اپنی تمام بیرونی مالی ذمہ داریاں بروقت پوری کرے گا، اس حوالے سے سعودی عرب کی جانب سے فراہم کردہ مالی معاونت کو اہم قرار دیا۔ وزیر خزانہ نے سرمایہ کاروں کو پاکستان کے پہلے پانڈا بانڈ کے اجرا سے متعلق پیش رفت سے بھی آگاہ کیا جو مالی وسائل کو متنوع بنانے کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔ انہوں نے خطے میں جاری صورتحال کے تناظر میں توانائی کی فراہمی کے انتظام سے متعلق حکمت عملی پر تفصیلی روشنی ڈالی جس میں طلب کے انتظام، مارکیٹ کے مطابق فیصلے اور مکمل قیمتوں کی منتقلی شامل ہے جبکہ کمزور طبقات کیلئے ہدفی ڈیجیٹل سبسڈیز فراہم کی جا رہی ہیں۔ نشست کے اختتام پر سوال و جواب کا سیشن منعقد ہوا جس میں سرمایہ کاروں نے آئی ایم ایف کی ممکنہ اضافی معاونت، نجکاری پروگرام اور موجودہ صورتحال میں پاکستان کے کردار سے متعلق سوالات کیے۔

شال بقیہ 19

سول ہسپتال کے مطابق لیبر روم، سی سی یو، ایمرجنسی آپریشن تھیٹرز اور شعبہ حادثات سمیت تمام شعبہ جات مکمل طور پر فعال ہیں اور مریضوں کو مسلسل طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ہسپتال میں ادویات بھی وافر مقدار میں موجود ہیں اور مریضوں کو فراہم کی جا رہی ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ بغیر تصدیق کے سوشل میڈیا پر ویڈیوز چلانا صحافتی اصولوں کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا ایکٹوسٹ نے الزامات کی تصدیق ہسپتال انتظامیہ سے نہیں کی، جو ذمہ دارانہ صحافت کے منافی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سڑک پر کھڑے ہو کر کسی کے خلاف ویڈیو بنانا اور پورے نظام کو مورد الزام ٹھہرانا درست نہیں، جبکہ موجودہ صورتحال میں وزیراعلیٰ پورٹل اور محکمہ صحت کے پاس ہسپتال کے خلاف کوئی شکایت درج نہیں ہے۔ اگر کسی مریض کو شکایت ہو تو وہ ٹول فری نمبر 1129 پر رابطہ کر سکتا ہے۔ ترجمان کے مطابق سول ہسپتال اس وقت بہترین طبی سہولیات فراہم کر رہا ہے اور تمام میڈیا ہاؤسز کو کسی بھی وقت ہسپتال کے مختلف وارڈز کے دورے کی دعوت دی گئی ہے۔

شال بقیہ 20

کی جس پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کر دی جس سے خاتون موقع پر ہی جاں بحق ہوگئی پولیس نے لاش اپنی تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ تیمو گجو شوری پولیس تھانے کی حدود کوٹھ فضور کے قریب دو موٹر سائیکلوں کی ٹکرانے سے ایک شخص علی مراد ولد غلام حسین جمالی شدید زخمی ہوگیا جن کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا ڈیرہ مراد جمالی سٹی شہید میر محمد مراد ایزد روڈ پر تعمیراتی کام کے دوران طالب علم وسیم بگٹی موٹر سائیکل سے گر کر زخمی ہوگیا جس کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا۔

شال بقیہ 21

پر منفی اثرات پڑنے کا خدشہ ہے، کرنٹ اکاؤنٹ تقریباً 3.0 فیصد تک متاثر ہو سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کا 2.7 ارب ڈالر کا پروگرام معاشی استحکام اور اصلاحات پر مرکوز ہے، تیل کی قیمتوں میں اضافے سے معیشت اور مہنگائی پر مزید دباؤ پڑنے کا امکان ہے، تیل کی قیمتوں میں 10 فیصد اضافہ معیشت کو نقصان اور مہنگائی میں اضافہ کر سکتا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق خلیجی ممالک سے تیل اور ترسیلات زر پر زیادہ انحصار پاکستان کیلئے خطرات ہیں، جنگ طویل ہونے کی صورت میں تجارت اور ترسیلات زر متاثر ہو سکتی ہیں، پاکستان کیلئے قرض لینا مزید مہنگا ہو گیا ہے، عالمی مالی حالات مزید خراب ہونے کی صورت میں پاکستان پر دباؤ بڑھنے کا خدشہ ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ زیادہ قرض اور بینکوں کی حکومتی سکیورٹیز میں سرمایہ کاری سے مالی خطرات بڑھ سکتے ہیں، آبنائے ہرمز کی بندش اور جنگ کے باعث تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر گئی، خطے میں جنگ بندی مثبت پیش رفت ہے تاہم غیر یقینی صورتحال بدستور برقرار ہے۔

شال بقیہ 22

کے درمیان سفر کے لیے اہم مراکز ہیں۔ ہیتھرو ایئرپورٹ کے مطابق گزشتہ ماہ اس کے چار ٹرمینلز سے مجموعی طور پر 6.6 ملین مسافروں نے سفر کیا، یہ تعداد گزشتہ برس مارچ کے مقابلے میں 9.6 فیصد زائد ہے اور یہ ایئرپورٹ کی تاریخ کا مصروف ترین مارچ تھا۔ ایئرپورٹ نے خبردار کیا ہے کہ تنازع کے حل نہ ہونے کی صورت میں آنے والے مہینوں کا منظرنامہ غیر یقینی ہے۔ جنگ کے سبب جیٹ فیول پر پڑنے والا اثر ایئرپورٹ کی کارکردگی پر اثر انداز تو نہیں ہو سکا، صورت حال کی نگرانی جاری ہے۔ حکومت اور ایئرلائنز کے ساتھ رابطے میں ہیں تاکہ مسافروں کے سفر کو محفوظ بنایا جا سکے۔ ہیتھرو ایئرپورٹ کے چیف ایگزیکٹو تھامس وولڈبائے نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ کا بحران سفری رجحان بدل رہا ہے۔

شال بقیہ 23

ہی یہ خیال کہ مریخ کے شمالی میدانوں میں بھی ایک بہت بڑا سمندر تھا، بھی سائنسی بحث کا موضوع رہا ہے۔ اب سائنسدانوں نے زمین کے پڑوسی سیارے پر اس مفروضہ سمندر کے ممکنہ خدوخال کا سراغ لگایا ہے جس کے لیے امریکی خلائی ادارے (ناسا) کے ایک ایسے مسبار (پروب) کا ڈیٹا استعمال کیا گیا جس نے ایک دہائی تک مریخ کا چکر لگایا۔ ان کی تحقیق مریخ کی سطح پر ایک ایسی چیز کی موجودگی کی نشاندہی کرتی ہے جو کانٹیننٹل شیلف (براعظمی ڈھلوان) سے مشابہ ہے۔ یہ ایسی ڈھلوان ہوتی ہے جو عام طور پر خشکی اور سمندروں کے درمیان حد فاصل ہوتی ہے۔

شال بقیہ 24

مسلسل رابطے میں ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ کوشش ہے جو ابتدائی مذاکرات ہوئے تھے ان کو نتیجہ خیز عمل میں داخل کیا جا سکے۔

شال بقیہ 25

مصروف تھے، تب ایران کو دشمن کی جارحیت کا سامنا کرنا پڑا۔ میجر جنرل امیر حاتمی کا مزید کہنا تھا کہ ایرانی حکام کی جرات مندانہ کوششوں سے جنگ کے دوران ایران کے لیے کوئی مسئلہ پیدا نہیں ہوا۔

شال بقیہ 26

سے فرار ہوگئے پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی اور نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی۔

شال بقیہ 27

ضمانت مل گئی۔ جج گریگ کریکین نے سڈنی کی ایک عدالت میں فیصلہ دیا کہ اسپیشل ایئر سروس رجمنٹ کے سابق کارپورل نے اپنی حراست سے رہائی کا معقول جواز پیش کر دیا ہے، تاہم استغاثہ نے ضمانت کی مخالفت کی اور دلیل دی کہ اس بات کا خطرہ ہے کہ رابرٹس اسمتھ آسٹریلیا سے فرار ہو جائیں گے یا گواہوں اور شواہد میں مداخلت کریں گے۔ واضح رہے کہ رابرٹس اسمتھ کو افغانستان میں ان کی خدمات کیلئے وکٹوریہ کراس اور میڈل آف گیلنٹری دونوں سے نوازا گیا تھا۔ وہ افغانستان کی مہم کے دوسرے آسٹریلوی سابق فوجی ہیں جن پر جنگی جرم کا الزام لگایا گیا ہے۔

شال بقیہ 28

کیوجہ سے یہ تنازع وسیع ہو سکتا ہے۔ امریکی حکام نے سی بی ایس نیوز کو بتایا کہ پینٹاگون کی ڈیفنس انٹیلی جنس ایجنسی کے تجزیہ کاروں نے اندازہ لگایا کہ چین ایران کو جدید ریڈار سسٹم فراہم کرنے پر غور کر رہا ہے۔ حکام نے کہا کہ زیر غور نظاموں میں ایکس بینڈ ریڈار ٹیکنالوجی شامل ہے جو ایران کی کم اڑنے والے ڈرونز اور کروز میزائلوں کا پتہ لگانے کی صلاحیت کو بہتر بنا سکتی ہے اور جدید حملوں کے خلاف اپنے فضائی دفاع کو مضبوط بنا سکتی ہے۔ یہ فوری طور پر واضح نہیں ہو سکا کہ آیا کوئی منتقلی ہوئی ہے، لیکن اس نشاندہی سے امریکا کی بڑھتی ہوئی تشویش کی عکاسی ہوتی ہے کہ یہ تنازع عالمی طاقتوں کو بالواسطہ فوجی امداد کے راستے کھول سکتا ہے۔ مزید برآں امریکی حکام نے کہا کہ روس نے مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی پوزیشنوں کے بارے میں انٹیلی جنس معلومات ایران کو شیئر کی ہیں۔ امریکا اور اسرائیل نے 28 فروری کو ایران پر حملے شروع کیے جس کے جواب میں ایران نے جوابی کارروائی کی اور علاقائی کشیدگی میں اضافہ ہوا۔

شال بقیہ 29

سے براستہ افغر گ وڈیگر مستونگ تک بائی پاس کے منصوبے پر ہیڈ کوارٹر میں ورکنگ شروع ہو چکی، بلوچستان کی بزنس کمیونٹی این ایچ اے کی ریویو میں اضافہ اور شاہراہوں کی حالت زار بہتر کرنے کے لئے ہمارا ساتھ دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ منعقدہ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ، ممبران صلاح الدین خلجی، حاجی عبداللہ اچکزئی و دیگر کا کہنا تھا کہ ہم بلوچستان میں این ایچ اے کے جاری منصوبوں کو خوش آئند سمجھتے ہیں البتہ بہتر حالت میں موجود شاہراہوں کو اکھیڑنے پر بھی ہم تشویش کا اظہار کرتے ہیں بلوچستان کے زمینی حالات دیگر صوبوں سے یکسر مختلف ہیں اس لئے یہاں کی عوام اور بزنس کمیونٹی پر مزید بوجھ نہ ڈالا جائے۔

شال بقیہ 30

دائر کر دی۔ سی پی پی اے کے مطابق مارچ کے دوران مجموعی طور پر 8 ارب 93 کروڑ 90 لاکھ یونٹس بجلی پیدا کی گئی جبکہ ڈسکوز کو 8 ارب 64 کروڑ 40 لاکھ یونٹس فراہم کی گئی۔ دستاویزات میں بتایا گیا کہ مارچ کیلئے فی یونٹ فیول لاگت کا تخمینہ 7 روپے 99 پیسے مقرر کیا گیا تھا تاہم اصل لاگت بڑھ کر 8 روپے 26 پیسے فی یونٹ تک پہنچ گئی۔ سی پی پی اے کے مطابق مارچ میں پانی سے 55.23 فیصد، مقامی کوئلے سے 76.16 فیصد، درآمدی کوئلے سے 80.13 فیصد اور درآمدی ایل این جی سے 64.5 فیصد بجلی پیدا کی گئی، اسی طرح فرنس آئل سے 02.1 فیصد، مقامی گیس سے 34.11 فیصد اور جوہری ایندھن سے 95.21 فیصد بجلی حاصل کی گئی۔ قابل تجدید ذرائع میں ہوا سے 46.3 فیصد جبکہ سولر سے 18.1 فیصد بجلی پیدا کی گئی۔ یہ درخواست مارچ کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں دی گئی ہے جس پر 28 اپریل کو سماعت ہوگی۔

شال بقیہ 31

نے ان کی صحت کے حوالے سے خیریت دریافت کی، بشریٰ بی بی کی فیملی نے ان کی صحت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ملاقات کے بعد بشریٰ بی بی کی فیملی اڈیالہ جیل سے واپس روانہ ہوگئی۔

شال بقیہ 32

ہے ہوں یا وہاں سے آ رہے ہوں۔ امریکی اقدامات ایرانی بندرگاہوں اور ساحلوں کی ناکہ بندی ہے، نہ کہ آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی۔ یہ ناکہ بندی ایرانی علاقائی سمندر اور بین الاقوامی پانیوں میں لاگو کی جائے گی۔ کین نے واضح کیا کہ مشترکہ افواج اس ناکہ بندی کے علاوہ کسی بھی ایسے جہاز کا بھرپور پیچھا کریں گی جو ایرانی پرچم اٹھائے ہوئے ہو یا ایران کو مادی مدد فراہم کرنے کی کوشش کر رہا ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس میں شیڈو فلیٹ کے وہ جہاز بھی شامل ہیں جو ایرانی تیل منتقل کرتے ہیں۔ کین نے یہ بھی بتایا کہ 13 بحری جہازوں نے نافذ کردہ امریکی ناکہ بندی کی تعمیل کرتے ہوئے واپس مڑنے کا دانشمندانہ فیصلہ کیا ہے۔

شال بقیہ 33

اور عدم تحفظ کی لہر دوڑ گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اوتھل بازار میں چوری کی منظم وارداتوں کے دوران ہندو تاجر دیوی داس کی دکان سے تقریباً 5 لاکھ روپے نقدی اڑا لی گئی۔ تاجر آم کی دکان کے تالے توڑ کر 4 لاکھ روپے نقدی نکال لی گئی۔ مہاراج کیلاش کمار کی دکان سے 60 ہزار روپے چوری کر لیے گئے۔ دیپ کمار کی دکان کے بھی تالے توڑے گئے، تاہم نقدی نہ ہونے کے باعث چور مزید نقصان نہ کر سکے۔ متاثرہ ہندو تاجروں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پولیس اور مقامی انتظامیہ کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ پورے بازار کی سکیورٹی کے لیے صرف دو سے تین اہلکار تعینات ہیں، جو کہ انتظامیہ کے سنجیدہ نہ ہونے کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پولیس گشت نہ ہونے کے برابر ہے۔ جس کی وجہ سے جرائم پیشہ عناصر بے خوف ہو چکے ہیں۔ تاجروں نے نشاندہی کی کہ رات 8 بجے مارکیٹیں بند ہونے کی وجہ سے بازار جلد سنسان ہو جاتے ہیں، لیکن پولیس اس خلا کو پر کرنے اور گشت بڑھانے میں مکمل ناکام رہی ہے۔ بازار جلد بند کروانے کے احکامات تو جاری کر دیئے گئے مگر تاجروں کے مال و جان کے تحفظ کے لیے کوئی اضافی اقدامات نہیں کیے گئے۔

شال بقیہ 34

روزانہ 50 سے زائد نئے کیسز سامنے آ رہے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ ان کیسز میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، جو کہ صحت کے نظام کے لیے ایک بڑا چیلنج بنتا جا رہا ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق سب سے زیادہ متاثرہ علاقہ شاہی تپ ہے، جہاں تقریباً 60 فیصد کیسز رپورٹ ہو رہے ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر علاقوں میں بھی ڈینگی کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، تاہم بروقت اقدامات نہ ہونے کے باعث صورتحال قابو سے باہر ہوتی جا رہی ہے۔ عوامی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ محکمہ صحت اور متعلقہ حکام نے بروقت اور مؤثر اقدامات نہیں کیے۔

شال بقیہ 35

اور ادارہ جاتی نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے واضح قانونی فریم ورک دیا گیا ہے مذکورہ ایکٹ کی سیکشن 8(2) کے مطابق، ایکٹ کے نفاذ کے وقت تعینات میڈیکل سپرنٹنڈنٹ یا ایگزیکٹو ڈائریکٹر زیادہ سے زیادہ چھ (06) ماہ تک اپنے عہدے پر برقرار رہ سکتا ہے یا جب تک نئے MS/ED کی تقرری نہ ہو، جو بھی پہلے ہو چونکہ اگست 2025 سے یہ مدت مکمل ہو چکی ہے، اس لیے موجودہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی حیثیت اور اس کے تحت کیے جانے والے تمام انتظامی اقدامات، بشمول حالیہ بھرتی کا اشتہار، واضح طور پر غیر قانونی، غیر آئینی اور ایکٹ کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔

شال بقیہ 36

مقررہ تاریخ تک ہر صورت مکمل کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے افسران متعلقہ سب ڈویژنز میں خود فیلڈ میں موجود رہیں گے اور ریفوزل کیسز کی کوریج کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پولیو مہم میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام ریفوزل اور این اے کیسز کی مکمل کوریج ہر صورت یقینی بنائی جائے۔

شال بقیہ 37

کے دونوں اضلاع کی تعمیر و ترقی کیلئے اربوں روپے کے میگا پراجیکٹ منظور کروائے ہیں جن پر مرحلہ وار عمل درآمد ہو رہا ہے ضلع ہرنائی کیلئے سب سے بڑا پراجیکٹ ہرنائی کوئٹہ اور ہرنائی روڈ ہے جو کہ ایکنک میں منظور ہوا ہے فنڈز کی منظوری کیلئے وفاقی و صوبائی حکومت سے رابطہ میں ہوں جلد ٹینڈرنگ کا عمل مکمل ہو کر ٹینڈر جاری ہوگا۔

شال بقیہ 38

حسن اسد علوی، ڈی آئی جی کیپٹل شاداب ندیم شیخ، اے آئی جی آپریشنز نوید عالم کے علاوہ دیگر افسران بھی موجود تھے۔ زیر تربیت افسران کو بی پی او آفس میں ڈیٹا کمانڈ اینڈ کمیونیکیشن سینٹر، لائبریری، میوزیم اور ڈی کے سینٹر کا معائنہ بھی کروایا گیا۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں بی ایریا اے ایریا میں ضم ہونے سے پہلے اصلاحات پر کام ہو رہا تھا لیکن اب ان پر مزید تیزی لائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کو قائم رکھنے اور عوام کے تحفظ کے لئے گزشتہ سال جاری خصوصی مہم کے دوران 780 اشتہاری، 1466 مفرور اور 1404 جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہیں، جبکہ 26 مغویوں کو بھی بازیاب کرایا گیا ہیں۔

شال بقیہ 39

لاکھوں بچوں کے سکولوں سے باہر ہونے کے خلاف پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (پی ایس او) کے زیراہتمام جاری داخلہ مہم کے سلسلے میں 19 اپریل بروز اتوار صبح گیارہ بجے لیاقت پارک کوئٹہ سے ایک عظیم الشان ریلی نکالی جائے گی۔ طلبہ، طالبات، والدین اور باشعور شہریوں سے اپیل کی گئی کہ وہ اس اہم عوامی مہم میں بھرپور شرکت کریں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام منعقدہ ایک عظیم الشان احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مظاہرے سے پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے صوبائی سیکرٹری وارث افغان، دیگر رہنماؤں اور کارکنوں نے بھی خطاب کیا، جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض پارٹی کے ضلع سینئر معاون سیکرٹری نما عنگر نے سرانجام دیے۔ تلاوت کلام پاک کی سعادت پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے رکن حاجی نسیم اللہ خواری نے حاصل کی۔ مظاہرے میں پارٹی کے سینئر سیکرٹری سید قادر آغا ایڈووکیٹ، پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز، عبدالرزاق خان بڑیچ، رحمت اللہ صابر، عبیداللہ توخی، محمود ریاض، پروفیسر اسد خان ترین، سندھ کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نظام خان، پارٹی کے مرکزی و صوبائی کمیٹی کے اراکین اور ہزاروں عوام نے شرکت کی۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فارم 47 کے ذریعے قائم غیر آئینی اور غیر نمائندہ حکومت نے ایران، اسرائیل جنگ کو جواز بنا کر ایک جھٹکے میں پیٹرولیم مصنوعات اور ڈیزل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر کے عوام پر پیٹرول بم گرا رہا ہے۔

شال بقیہ 40

حوالے سے مختلف اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ شرکا کو جعفرآباد، نصیرآباد اور کوئٹہ میں جاری کلاسز کی موجودہ صورتحال پر بریفنگ دی گئی، جبکہ تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے اور طلبہ کی سہولیات میں اضافے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر کوئٹہ میں ہونے والے قابل پروگرام کے تحت منعقد ہونے والی گریجویشن تقریب کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور اس کو بھرپور اور منظم انداز میں منعقد کرنے کے لیے مختلف کمیٹیاں تشکیل دینے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں لورالائی میں ہونے والے ٹیسٹ کی مجوزہ تاریخ پر بھی غور کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ ٹیسٹ کے انعقاد کو شفاف اور منظم بنانے کے لیے تمام ضروری انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں گے۔

شال بقیہ 41

عالمی صورتحال میں مسلم امہ کو اتحاد و اتفاق کی اشد ضرورت ہے، ایران پر امریکی اور اسرائیلی جارحیت کے بعد اسلامی ممالک نے جس یکجہتی کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نازک صورتحال میں پاکستان نے غیر جانبداری اور امن پسندی کا جو کردار ادا کیا ہے آج پوری دنیا اس کی معترف ہے اور پاکستان کی سفارتی کوششیں قابل قدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کسی مسئلے کا مستقل حل نہیں ہوتی اور نہ ہی یہ ہمیشہ جاری رہ سکتی ہے، پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن و استحکام کے لیے مثبت کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے علما کرام پر زور دیا کہ وہ اپنے خطابات اور بالخصوص نماز جمعہ کے اجتماعات میں خصوصی دعاؤں کا اہتمام کریں اور اپنے خطبات کے ذریعے پاکستان کے مثبت اور امن پسند کردار کو اجاگر کریں تاکہ عوام میں شعور اور اتحاد کو فروغ ملے۔

شال بقیہ 42

رکن قومی اسمبلی میر عثمان بادینی، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین، رکن بلوچستان اسمبلی میر زابد ریکی، سردارزادہ میر ظفر اللہ ساسولی، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل خضدار حاجی صلاح الدین زہری، سردارزادہ میر قیوم ساسولی، میر فیصل رحیم زہری، عبدالحمید شیخ علی احمد جتک، عبداللہ زہری، میر شعیب زہری سمیت دیگر شخصیات نے شرکت کی۔

شال بقیہ 43

توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کا سامان اور نقدی چوری کر لی۔ متاثرہ تاجروں میں دیوی داس، اوم اور مہاراج کیلاش شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق چوری کی اس واردات میں تقریباً چھ لاکھ روپے کا نقصان بتایا جا رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ماضی میں رات گئے تک پولیس کی موثر گشت جاری رہتی تھی اور شہر کے مختلف چوراہوں پر اہلکار تعینات ہوتے تھے، تاہم حالیہ دنوں میں پولیس نفری نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہے، جس کے باعث جرائم پیشہ عناصر کو کھل کر کارروائیاں کرنے کا موقع مل رہا ہے۔

شال بقیہ 44

مجید، عمران اور عبید بھی ٹیم کا حصہ تھے۔ کارروائی خفیہ اطلاع کی بنیاد پر کی گئی، جس کے تحت ایک مشکوک پوٹھوہار جیپ کی نگرانی کے بعد ناکہ بندی کی گئی۔ جبکہ محکمہ کے اہلکاروں نے گاڑی کو رکنے کا اشارہ دیا گیا تو ملزمان نے فرار ہونے کی کوشش کی، تاہم ایکسائز ٹیم نے فوری تعاقب کرتے ہوئے گاڑی کو اپنی تحویل میں لے لی اور گاڑی کی تلاشی کے دوران 20 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، تاہم ان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ ایکسائز حکام کا کہنا ہے کہ منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت ایسے آپریشنز کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا، اور اسمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

شال بقیہ 45

کمشنر بارکھان سعیدالرحمن کاکڑ نے گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول رکھنی میں قائم ایف اے و ایف ایس سی امتحانی مرکز کا اچانک دورہ کیا اور انتظامات کا خود جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نوید لطیف بھی ان کے ہمراہ تھے، جبکہ امتحانی مرکز کے سپرنٹنڈنٹ پروفیسر اور یس احمد، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ محمد اقبال اور ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ جہانزیب خان نے انہیں تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے امتحانی ہالز، طلبہ کی حاضری، سوالیہ پرچوں کی ترسیل، عملے کی کارکردگی اور سیکیورٹی انتظامات کا بغور جائزہ لیا۔ انہوں نے صفائی، روشنی اور بیٹھنے کے انتظامات کو تسلی بخش قرار دیا، تاہم واضح الفاظ میں کہا کہ کسی بھی قسم کی غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ سعیدالرحمن کاکڑ نے دو ٹوک انداز میں پیغام دیا کہ نقل مافیا اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے لیے بارکھان میں کوئی گنجائش نہیں۔

شال بقیہ 46

دورہ کیا اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ پروفیسر ایاز خان اور پروفیسر دلبر خان نے امتحانات کے حوالے سے ڈی سی چمن کو تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں ڈی سی چمن نے امتحانی سنٹر میں صفائی ستھرائی پانی اور امتحانی عملے کی کارکردگی اور امتحانی عمل کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور سٹوڈنٹس کی رول نمبر سلپس چیک کیں اس دوران انہوں نے امتحانی مرکز کے سپرنٹنڈنٹ اور دیگر منتظمین کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ نقل کی روک تھام کو یقینی بنایا جائے اور اس حوالے سے کسی بھی قسم کی مصلحت پسندی اور نرمی کا مظاہرہ ہرگز نہیں کیا جائے کیونکہ نقل کی روک تھام سے طلباء و طالبات کی پڑھائی کی طرف رجحان پیدا ہو گا محنت اور مستقل مزاجی سے مطالعہ کرنے کے عادی بن جائیں گے انہوں نے امتحانی سنٹر کی احاطے میں سیکیورٹی کا بھی جائزہ لیا اور امتحانی سینٹرز پر تعینات پولیس اہلکاروں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ پیپر دینے کے دوران امتحانی احاطے میں کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو نہیں چھوڑا جائے ڈی سی چمن نے پروفیسر ایاز خان کی کارکردگی پوری امتحانی عملے، سنٹر کی سیکیورٹی صورتحال سہولیات امتحانی شفافیت اور نقل کی روک تھام کو یقینی بنانے کے حوالے سے اطمینان کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 47

کی بڑھتی ہوئی آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے میونسپل کمیٹی ژوب کو فوری طور پر میونسپل کارپوریشن کا درجہ دیا جائے انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان سے بھی بات کی جا چکی ہے اور امید ہے کہ اس اہم مطالبے پر سنجیدگی سے غور کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ چیئرمین شاہ بران کاکڑ اور چیف آفیسر جہانگیر خان مندوخیل کی قیادت میں میونسپل کونسل کو نہایت بہترین اور منظم انداز میں چلایا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 48

نے مختلف شعبہ جات کا جائزہ لیتے ہوئے زیری فارم میں مویشیوں کی دیکھ بھال، خوراک، صفائی کے انتظامات اور دودھ کی پیداوار، جبکہ پولٹری فارم میں افزائش، ویکسینیشن اور حفظان صحت کے اقدامات کا بھی معائنہ کیا۔

شال بقیہ 49

عملے کو سختی سے ہدایات جاری کی گئیں کہ امتحانی عمل کو مکمل شفافیت، منصفانہ اصولوں اور مقررہ ضابطہ کار کے مطابق یقینی بنایا جائے، جبکہ نظم و ضبط کی ہر سطح پر پابندی کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے نقل کی روک تھام کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ امتحانی مراکز میں قانون و ضابطے کی مکمل عملداری ہر صورت برقرار رکھی جائے۔

شال بقیہ 50

میر عمران بگٹی کی قیادت میں محکمہ کی موثر حکمت عملی اور فیلڈ ٹیموں کی مسلسل کوششوں کے باعث صوبے میں جنگلی حیات کے تحفظ اور افزائش نسل کے حوالے سے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ محکمہ کے مطابق ضلع چاغی میں ہرنوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جو جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے کیے گئے عملی اقدامات کی کامیابی کا واضح ثبوت ہے۔ ماہرین کے مطابق کسی بھی علاقے میں جنگلی جانوروں کی بڑھتی ہوئی تعداد اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ وہاں کا قدرتی ماحول محفوظ اور سازگار ہو رہا ہے۔ سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات میر عمران بگٹی نے اس پیشرفت کو سراہتے ہوئے کہا کہ محکمہ صوبے میں حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہا ہے، جن میں غیر قانونی شکار کی روک تھام، قدرتی مساکن کا تحفظ اور مقامی سطح پر آگاہی مہمات شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگلی حیات کا تحفظ ماحولیاتی توازن برقرار رکھنے کے لیے ناگزیر ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ان کے مطابق محکمے کی ٹیمیں دور دراز اور دشوار گزار علاقوں میں بھی فعال کردار ادا کر رہی ہیں، جس کے باعث نایاب اور خطرے سے دوچار انواع کو تحفظ مل رہا ہے۔ سیکرٹری نے مزید کہا کہ چاغی میں ہرنوں کی تعداد میں اضافہ اسی مسلسل محنت اور مربوط حکمت عملی کا نتیجہ ہے۔

شال بقیہ 51

کے دوران امتحانی مراکز میں طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات سیکیورٹی انتظامات اور شفاف امتحانی عمل کا بغور جائزہ لیا گیا اسسٹنٹ کمشنرز نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ امتحانات کو مکمل شفافیت اور میرٹ پر یقینی بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی بے ضابطگی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے امتحانی ہالز کا معائنہ کرتے ہوئے طلبہ سے بھی بات چیت کی اور ان کے مسائل دریافت کیے۔ اس موقع پر انہوں نے اساتذہ اور عملے کو تاکید کی کہ نظم و ضبط برقرار رکھتے ہوئے طلبہ کو پرامن ماحول فراہم کیا جائے تاکہ وہ یکسوئی کے ساتھ اپنے امتحانات دے سکیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے واضح کیا گیا کہ نقل کے تدارک اور شفاف امتحانی نظام کے قیام کے لیے اقدامات جاری رہیں گے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

شال بقیہ 52

سے مطالبہ کیا کہ حاجی محمد شریف زیرکاکڑی کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے کڑی سزا دی جائے۔ حاجی میر عرض محمد بڑیچ نے مرحوم حاجی محمد شریف زیرکاکڑی کے انتقال پر دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے بارگاہ خداوندی میں خصوصی طور پر دعا انہوں نے دعا کی کہ اللہ تبارک و تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین ثم آمین۔

شال بقیہ 53

اب مسلم لیگ (ن) کا گڑھ بن چکا ہے جس کا سہرا پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی کے سر جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل نے کوئٹہ سٹی سے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی اور کامیابی کے بعد انہوں نے دو سال کے دوران کوئٹہ شہر اور حلقہ انتخاب میں بہت زیادہ ترقیاتی کام کروائے اور اب بھی اربوں روپے کے ترقیاتی کام جاری ہیں جس سے کوئٹہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا اور عوام کو بنیادی سہولیات میسر آئیں گی۔

شال بقیہ 54

ہے کیونکہ روزانہ کی بنیاد پر سائل آتے ہیں یا باہر سے مہمان آتے ہیں کم از کم اس کو ایسا دفتر بنائیں کہ اس میں آفیسران عملہ بلدیاتی نمائندے چیئرمین وائس چیئرمین شہری باوقار طریقے سے آکر بیٹھیں یہ دفتر میونسپل کمیٹی بھاگ کسی کا ذاتی میراث نہیں بلکہ یہ عوام کا ہے آج اگر میں یہاں ہوں تو کل اس سیٹ پر کوئی اور آفیسر آکر بیٹھے گا لیکن جو بھی آفیسر یا عوامی نمائندہ آکر بیٹھے تو اس کو یہ ایک بہترین دفتر نظر آئے اور وہ دفتر میں بیٹھنے پر فخر محسوس کرے کہ واقعی یہ دفتر ہے۔

شال بقیہ 55

کلاس روم میں مؤثر تدریس اور علمی سرگرمیوں پر مرکوز رکھنی چاہئیں۔ ان کے مطابق طلبہ کو معیاری تعلیم فراہم کرنا، تحقیق میں حصہ لینا اور دیگر پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی ہی دراصل ان کی حقیقی حاضری ہے۔

شال بقیہ 56

عوامی پارٹی کے ضلعی صدر عمر خان ترین، رضا شہداء فضل اشاء، اولسی کمیٹی کے رہنما محمد دین خان اور عبدالستار کاکڑ نے یارو بازار میں ایک بڑے احتجاجی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل مختلف سیاسی جماعتوں، سماجی تنظیموں، قبائلی عمائدین، نوجوانوں اور عوام کی بڑی تعداد نے ایک احتجاجی مظاہرہ کیا، جس میں ساغ یارو کے قاتلوں کی فوری گرفتاری کے لیے شدید نعرہ بازی کی گئی۔ مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر انصاف، امن اور قاتلوں کی گرفتاری کے مطالبات درج تھے۔ مقررین نے کہا کہ ساغ یارو کے افسوسناک واقعے کو 22 روز گزر چکے ہیں، مگر ابھی تک قاتل آزاد گھوم رہے ہیں۔

شال بقیہ 57

کمی دیکھی گئی ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق عالمی اور ایشیائی منڈیوں میں تیل کی قیمتوں میں کمی اور اسٹاک مارکیٹس کی ملی جلی صورتحال سامنے آئی ہے۔

شال بقیہ 58

او پی ایچ ای اختر بلوچ، ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی اکرام نور بلوچ، ایس ڈی او کیسکو سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندگان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر معزز شہریوں اور سماجی و سیاسی نمائندگان نے پنجگور کو درپیش مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کے حل کے لیے تجاویز پیش کیں۔ مقررین نے بالخصوص بجلی کی لوڈشیڈنگ میں کمی، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام، صحت کی سہولیات کی بہتری، زرعی شعبے سے وابستہ افراد کو ریلیف کی فراہمی، اور ٹریفک نظام کی بہتری جیسے امور پر توجہ دلائی۔ اس کے ساتھ ساتھ ٹیچنگ ہسپتال میں قائم تھیلیسیمیا سنٹر میں بلڈ بیگز اور دیگر سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا تاکہ مستحق مریضوں کو بروقت سہولت فراہم کی جا سکے۔ دریں اثنا اسسٹنٹ کمشنر پنجگور افتخار ظہیر نے کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی نوعیت کے مسائل کے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ بھرپور اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ جو مسائل انتظامیہ کے دائرہ اختیار میں ہوں گے انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، جبکہ دیگر مسائل کو متعلقہ حکام تک پہنچا کر ان کے حل کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری میں اٹھائے گئے تمام مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا اور دستیاب وسائل کو بروئے کار لا کر بلا امتیاز عوامی خدمت کو یقینی بنایا جائے گا۔

شال بقیہ 59

گھی اور ساڑھے چھ گھنٹے تک جاری رہی۔ اس میں 23 کنسلٹنٹس، ماہرین اور نرسنگ و ٹیکنیکل سٹاف نے حصہ لیا۔ کنگ سلمان ریلیف اینڈ ہیومینٹیرین ایڈ سینٹر کے نگران اعلیٰ ڈاکٹر عبداللہ الربیعہ نے وضاحت کی کہ بچیوں کی عمر تقریباً 20 دن ہے۔ وہ سینے کے نچلے حصے اور پیٹ کے مقام سے جڑی ہوئی پیدا ہوئی تھیں تاہم دونوں کے اوپری اور نچلے اعضا مکمل تھے۔ ڈاکٹر الربیعہ نے مزید بتایا کہ میڈیکل ٹیم کے اجلاس کے بعد مختلف طبی معائنوں سے معلوم ہوا کہ دونوں کا مجموعی وزن تقریباً پانچ کلوگرام ہے۔ ان کا جگر، معدہ اور آنتیں آپس میں جڑی ہوئی تھیں۔ پیٹ کی دیوار میں پیدائشی نقص کی وجہ سے ایک بیرونی تھیلی بھی موجود تھی۔ یہ تھیلی معدے پر بہت زیادہ دباؤ ڈال رہی تھی جس سے خوراک لینے میں دشواری ہو رہی تھی اور اس آپریشن میں جڑواں بچوں کی جان کو خطرے کا تناسب 40 فیصد تھا۔ ڈاکٹر عبداللہ الربیعہ نے بتایا کہ یہ آپریشن سعودی پروگرام کے تحت 69 واں کامیاب آپریشن ہے۔ اس پروگرام نے 1990 سے اب تک دنیا بھر کے 5 براعظموں کے 28 ممالک سے تعلق رکھنے والے 157 جڑواں بچوں کی دیکھ بھال کی ہے۔ انہوں نے انسانی ہمدردی کے کاموں میں مملکت سعودی عرب کے قائدانہ کردار کی بھی تصدیق کی۔

شال بقیہ 60

آرمی ایف او بی سمیت دیگر اہم نمائندگان نے شرکت کی۔ ایئرپورٹ منیجر محمد الیاس بڑیچ نے بریفنگ اور ڈی بریفنگ دی جبکہ ایئر سائیڈ پر ہنگامی صورتحال کا عملی مظاہرہ بھی پیش کیا گیا۔ اس مشق میں پی اے اے ریسکیو اینڈ فائر فائٹنگ سروسز، پاکستان آرمی، پاکستان نیوی، اے ایس ایف اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ ایڈمنسٹریشن نے حصہ لیا۔ یہ مشق ہنگامی ردعمل کے نظام کو جانچنے، بروقت رسائی کو یقینی بنانے اور معمولی خامیوں کی نشاندہی کے ذریعے فضائی تحفظ کو مزید مضبوط بنانے میں کامیاب رہی۔

شال بقیہ 61

حاضری، اساتذہ کی کارکردگی اور جاری تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اساتذہ کو ہدایت دی گئی کہ تدریسی معیار کو مزید بہتر بنانے، نصابی سرگرمیوں کو موثر بنانے اور طلبہ کی ہمہ جہت تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) نے محکمہ جنگلات کے تعاون سے ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے اسکولوں کو پودے بھی فراہم کیے۔ شیدکانی در اور سربندن کے اسکولوں میں اساتذہ اور طلبہ کے ہمراہ باقاعدہ شجرکاری مہم میں حصہ لیا گیا، جس کا مقصد طلبہ میں ماحول دوست رویوں کو فروغ دینا تھا۔ مزید برآں، فیڈنگ اسکولز کے ہیڈ ٹیچرز کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں تعلیمی مسائل، سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی دستیابی، طلبہ کے داخلوں میں اضافہ اور تعلیمی معیار کی بہتری سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات اٹھانے اور باہمی رابطہ مضبوط بنانے کی ہدایت کی۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم، مثبت ماحول اور ہم نصابی سرگرمیوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔

TENDER NOTICE

The SUPERINTENDENT DISTRICT KECH invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526041023402 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 3500 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Transportation and Storage and Mail Services (Total Item(s) Count: 2)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 1,500,000 Million each in Previous 5 Years Accumualted Turn over of at least PKR.1,000,000 Million in 5 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 06 May, 2026till 01:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 01:15 PM on EPPS System **Address:** SP OFFICE DISTRICT KECH Phone no: 0852413333 Fax no: 085241263
Email: spkech79@gmail.com

Superintendent of Police Turbat at Kech

PRQ No.4669/17-4-2026

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

پولیو مہم میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

ضلعی انتظامیہ کے افسران متعلقہ سب ڈویژنز میں خود فیلڈ میں موجود رہیں گے اور ریفیوزل کیسز کی کوریج کو یقینی بنایا جائے گا

تمام ریفیوزل اور این اے کیسز کی مکمل کوریج ہر صورت یقینی بنائی جائے، پولیو مہم کے پانچویں روز کی کارکردگی کے سلسلے میں جائزہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے پانچویں روز کی کارکردگی کے سلسلے میں جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ، ڈپٹی ڈی ایچ او اور پولیو آفیسران اور دیگر مانیٹرز نے شرکت کی۔ دوران اجلاس پولیو مہم کا مکمل ڈیٹا پیش کیا گیا جس میں ریفیوزل، مستقل ریفیوزل، این اے کیسز، اسکولز و مدارس کی کوریج سمیت ضلعی سطح پر جاری مہم کی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ جہاں ٹیموں کی کارکردگی تسلی بخش نہیں رہی یا ٹارگٹس حاصل نہیں ہو سکے، وہاں متعلقہ اہلکاران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ دو روزہ کیچ اپ مہم میں تمام ٹیمیں بھرپور محنت اور لگن کے ساتھ کام کریں تاکہ بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کوئٹہ کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے سے نصر اللہ زیرے خطاب کر رہے ہیں

میونسپل کمیٹی ژوب کو فوری طور پر میونسپل کارپوریشن کا درجہ دیا جائے، اجمل اعوان

اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان سے بھی بات کی جا چکی ہے حاجی روزی خان مندوخیل

ژوب (آن لائن) میونسپل کمیٹی کے کونسلران اجمل اعوان حاجی روزی خان مندوخیل ظفر اللہ کاکڑ نادر شاہ کاکڑ شفیع اللہ عبداللہ کاکڑ حاجی خان ولی اور دیگر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ شہر بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

قلات کے محلہ ڈوڈکی گیاوان میں پانی کی شدید قلت

لوگ دور دراز سے پانی لانے اور مہنگے داموں ٹینکرز کے ذریعے پانی خریدنے پر مجبور ہیں

قلات (آن لائن) قلات کے محلہ ڈوڈکی گیاوان میں پانی کی شدید قلت، مکین گزشتہ ایک سال سے پانی کے حصول کیلئے سرگرداں، مذکورہ محلہ تین واٹر سپلائی ہونے کے باوجود پانی سے محروم ہے، ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی، ایکسین پی ایچ ای قلات و ایس ڈی او پی ایچ ای فوری نوٹس لیں، بصورت دیگر مکین احتجاج پر مجبور ہونگے، تفصیلات کے مطابق قلات کے محلہ ڈوڈکی گیاوان کے رہائشی سعید احمد بجاری و دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ محلہ ڈوڈکی گیا۔


لورالائی: اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم امتحانی مرکز کا معائنہ کر رہے ہیں

نقل کی روک تھام کو یقینی بنایا جائے، ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی

چمن (آن لائن) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی نے آج چمن میں جاری ایف اے اور ایف ایس سی کی سالانہ امتحانات کے دوران گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج چمن جمال ناصر شہید گراؤنڈ امتحانی سنٹر کا اچانک بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

کمشنر ژوب ڈویژن آصف علی فرخ نے محکمہ لائیوسٹاک کے ضلعی دفاتر کا دورہ کیا

ژوب (آن لائن) کمشنر ژوب ڈویژن آصف علی فرخ نے محکمہ لائیوسٹاک کے ضلعی دفاتر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ڈیری فارم اور پولٹری فارم کا تفصیلی معائنہ کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر علاؤالدین اور ڈپٹی ڈائریکٹر پولٹری فارم ڈاکٹر محمد طاہر مندوخیل نے کمشنر کو محکمے کی مجموعی کارکردگی درپیش مسائل اور مستقبل کی حکمت عملی سے متعلق بریفنگ دی کمشنر بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

حاجی محمد شریف زیرکزئی کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کرکے کڑی سزا دی جائے، میر عرض محمد بڑیچ

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر و عوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ نے اپنے جاری کردہ ایک تعزیتی بیان میں چاغی کے ممتاز قبائلی رہنما حاجی علی اکبر زیرکزئی کے صاحبزادے حاجی محمد شریف زیرکزئی کو دن دہاڑے کوئٹہ میں فائرنگ کرکے قتل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے صوبائی حکومت بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

پولیس شہداء کے خاندانوں کی کفالت کیلئے شعبہ موجود ہے، محمد طاہر

بلوچستان پولیس کے جوان پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے امن وامان کو قائم رکھنے میں اپنا اہم کردار ادا کر رہی ہے

محکمہ پولیس میں خود احتسابی نظام کے تحت اچھی کارکردگی پر انعامات سے نوازا جاتا ہے جبکہ ناقص کارکردگی پر سزائیں دی جاتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ بلوچستان پولیس کے جوان پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے امن وامان کو قائم رکھنے میں اپنا اہم کردار ادا کر رہی ہے اب تک عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے 1139 کے قریب پولیس کے جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے جو کہ ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔ یہ بات انہوں نے آج یہاں سینٹرل پولیس آفس میں مطالعاتی دورے پر آئے ہوئے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کوئٹہ کے زیر تربیت افسران کو دی گئی بریفنگ کے دوران کہی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل نیپا سید علی رضا شاہ، ایڈیشنل آئی جی پولیس ہیڈ کوارٹرز آغا محمد یوسف، ایڈیشنل آئی جی پولیس ایڈمن جاوید علی مہر، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

ہیڈ کوارٹر ستورانہ منتقلی کے خلاف دھرنا پندرہویں روز میں داخل

شیرانی (آن لائن) ہیڈ کوارٹر ستورانہ منتقلی کے خلاف دھرنا پندرہویں روز میں داخل۔ قبائلی رہنما پریس کلب شیرانی کے صدر سردار غلام سرور شیرانی کی آمد دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سمجھ نہیں آرہا ہے کہ کیوں تیار ہیڈ کوارٹر کو چھوڑ رہا ہے جو یہ ہیڈ کوارٹر ہر حوالے سے صحیح بھی ہے بین الاقوامی روٹ پر واقع ہے زمین اور پانی کے حوالے سے بھی بہت سے اضلاع سے بہتر ہے لہٰذا ہم حکومت وقت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ آپ نے دیئے گئے فیصلے پر نظر ثانی کریں۔

ٹیکسلا، پسند کی شادی پر میاں بیوی سمیت 3 افراد قتل، مقدمہ درج

عقبی دروازے سے نجیب اور نذیر چھری اٹھائے فرار ہو رہے تھے

بھائی دانش اکرم نے سوتیلے والد کی بہن سے پسند کی شادی کی تھی، مدعی مقدمہ

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا کے علاقے میں پسند کی شادی پر میاں بیوی سمیت 3 افراد کے قتل کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ مقتولہ شہلا بی بی کے بیٹے محمد عامر کی مدعیت میں درج ایف آئی آر میں مدعی نے موقف اپنایا کہ والدہ نے عزیز اللہ سے دوسری شادی کی، بھائی دانش اکرم نے سوتیلے والد کی بہن سے پسند کی شادی کی تھی، بھائی کی پسند کی شادی کا لڑکی کے بھائیوں نذیر، نجیب اور عزیز اللہ کو رنج و غصہ تھا۔ مدعی مقدمہ کے مطابق بھائی کو دعوت کے بہانے گھر بلایا گیا۔

بی این پی کے رہنما نعمت کاکڑ میر بابل خان جھکرانی کے وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

تربت انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فل اسکیل ایمرجنسی ایکسرسائز 2026 کا انعقاد

تربت (آن لائن) تربت انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فل اسکیل ایمرجنسی ایکسرسائز کامیابی سے منعقد کی گئی، جو بین الاقوامی سول ایوی ایشن آرگنائزیشن کے معیار اور قومی فضائی حفاظتی تقاضوں کے مطابق تھی۔ اس مشق کا مقصد کرائسز اینڈ ایمرجنسی رسپانس پلان کی افادیت کا جائزہ لینا تھا، جس میں رابطہ، کمانڈ، ہم آہنگی اور رد عمل کے وقت پر خصوصی توجہ دی گئی۔ تقریب میں کمانڈنگ آفیسر پی این ایس صدیق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ، او سی اے ایس ایف، سی ون بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

سعودی عرب، چھ گھنٹے طویل سرجری کے بعد جڑے ہوئے بچوں کو علیحدہ کر دیا گیا

20 دن کی سعودی بچیاں سینے کے نچلے حصے اور پیٹ سے جڑی ہوئی تھیں، شاہ سلمان ریلیف سینٹر

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں جڑے ہوئے بچوں کو علیحدہ کرنے کے پروگرام کی طبی اور جراحی ٹیم نے ایک ہنگامی آپریشن سرانجام دیا۔ یہ آپریشن ریاض میں وزارت نیشنل گارڈز کے ماتحت کنگ عبدالعزیز میڈیکل سٹی میں واقع کنگ عبداللہ سپیشلسٹ چلڈرن ہسپتال میں سعودی دختر جڑی بچیوں کو الگ کرنے کے لیے کیا گیا۔ یہ سرجری 6 مراحل پر محیط بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

پنجگور میں شراب خانہ کے نام پر شراب کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی ہونی چاہیے، حافظ محمد اعظم بلوچ

پنجگور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام پنجگور کے ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحکیم نائب امیر مولانا عبدالحلیم بلوچ بی این پی عوامی کے سینئر رہنما میر سلیمان سورنزئی کی محکمہ ایکسائز آفس آمد ای ٹی او ایکسائز رفیق احمد بلیدی اور دیگر آفیسران سے ملاقات جمعیت کے رہنماؤں نے ای ٹی او کو ایک یادداشت پیش کی جس میں شراب خانہ لائسنس کی مخالفت کیا گیا اور کہا کہ ہم اس طرح کی سرگرمیوں کی اجازت نہیں دینگے۔

تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم، مثبت ماحول کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، زراتون بلوچ

ضلعی سطح پر اس حوالے سے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں تاکہ طلبہ کو بہتر اور باوقار تعلیمی مواقع فراہم کیے جاسکیں

گوادر (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) زراتون بلوچ نے ضلع کے مختلف تعلیمی اداروں کا تفصیلی دورہ کیا، جن میں گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول سینٹیئر اسحاق وارڈ، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول زرباد، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول شنزکانی در اور گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول سربندن شامل ہیں۔ دورے کے دوران انہوں نے تعلیمی و تدریسی ماحول، طلبہ کی بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

جعفر آباد: ڈپٹی کمشنر خالد خان این جی اوز کے نمائندگان کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جنگ کسی مسئلے کا مستقل حل نہیں ہوتی اور نہ ہی یہ ہمیشہ جاری رہ سکتی ہے، ذوالفقار علی کرار

پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن واستحکام کے لیے مثبت کردار ادا کیا ہے

ملک کی سالمیت اور بقا کے تحفظ کے لیے ہم سب کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا

نصیر آباد (آن لائن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت علماء کرام اور ذاکرین امن کمیٹی کے ممبران کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء، ذاکرین اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور پاکستان کی جانب سے ثالثی کے کردار پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے کہا کہ موجودہ بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کی جانب سے میر حمزہ زہری کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ

عشائیہ میں رکن قومی اسمبلی سمیت بلوچستان اسمبلی کے اپوزیشن اراکین کی شرکت

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ میں صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ زہری کے اعزاز میں جمعیت علماء اسلام کے رہنما اور قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری کی جانب سے پرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا گیا عشائیہ میں رکن قومی اسمبلی سمیت بلوچستان اسمبلی کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری اور اراکین اسمبلی کے درمیان مختلف سیاسی و ترقیاتی امور پر تفصیلی گفتگو بھی ہوئی تقریب میں بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

اوتھل میں لاک ڈاؤن کے اثرات سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں

رات آٹھ بجے تک بازار بند ہونے کے باعث کاروباری سرگرمیاں محدود

اوتھل (آن لائن) اوتھل میں لاک ڈاؤن کے اثرات سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں، رات آٹھ بجے تک بازار بند ہونے کے باعث کاروباری سرگرمیاں محدود ہونے جبکہ سنسان بازار چوری کی وارداتوں میں اضافے کی ایک بڑی وجہ بن گئے اوتھل شہر میں ایک ہی رات میں تالا توڑ چوروں کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے کاروباری حلقوں میں شدید بے چینی پیدا کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات نامعلوم ملزمان نے 4 ہندو تاجروں کی دکانوں کے تالے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں 95 فیصد بزنس این ایچ اے کی شاہراہوں کی مرہون منت ہیں

نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی بلوچستان میں 4 ہزار کلومیٹر سے زائد طویل قومی شاہراہیں ہیں، عنایت اللہ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے جنرل منیجر آغا عنایت اللہ، ڈائریکٹر مینٹیننس راحیل احمد بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی بلوچستان میں 4 ہزار کلومیٹر سے زائد طویل قومی شاہراہیں ہیں جن کی سالانہ مرمت پر 15 ارب روپے تک اخراجات آرہی ہیں، ملک بھر سے سالانہ 130 ارب روپے کی ریونیو میں بلوچستان کا حصہ 20 کروڑ روپے ہیں جس میں اضافہ کے لئے ہمیں چیمبرز اور بزنس کمیونٹی کے تعاون کی ضرورت ہیں۔

طلبا طالبات ہمارے مستقبل کے معمار ہیں، ڈپٹی کمشنر ریونیو شاہنواز بلوچ

طلبا اپنی تمام تر توجہ اپنے تعلیم پر دیں خوب محنت کریں اور نقل جیسے ناسور سے گریز کریں

قلات (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت کی مطابق نقل سے پاک امتحانی مراکز کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے قلات انتظامیہ متحرک ہوئی ہیں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شاہنواز بلوچ نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں قائم امتحانی سینٹر کا دورہ کیا دورے کے موقع پر امتحانات پر تعینات اسٹاف کی حاضریاں چیک کیں طالبات کے پیپرز چیک کیئے اور ان سے سوالات بھی پوچھے اور نقل کی روک تھام کیلئے حکومتی اقدامات اور سینٹرز میں سکیورٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

امتحانات کو مکمل شفافیت اور میرٹ پر یقینی بنایا جائے، اے سی کاشف بلوچ

کسی بھی قسم کی بے ضابطگی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، عبدالقدیر بلوچ اور نجم زہری

حب (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر یونیز کاشف بلوچ عبدالقدیر بلوچ اور نجم زہری نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول حب اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول حب میں جاری فرسٹ ایئر اور سیکنڈ ایئر کے سالانہ امتحانات کا تفصیلی دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر یونیز کاشف بلوچ، عبدالقدیر بلوچ اور نجم زہری نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول حب اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول حب میں جاری فرسٹ ایئر اور سیکنڈ ایئر کے سالانہ امتحانات کا تفصیلی دورہ کیا دورے بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

پشتون آباد اور گردونواح اب مسلم لیگ (ن) کا گڑھ بن چکا ہے، جہانگیر رشاد

زرک خان مندوخیل کی کارکردگی مسلم لیگ (ن) کے کارکن اور حلقے کے عوام مطمئن ہیں

اپنے حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سید جہانگیر شاہ، نور احمد محمد حسنی، رفیق جتک، عبدالمالک سالانی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی اور رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل بلا رنگ و نسل کوئٹہ کے عوام کی خدمت کر رہے ہیں دونوں رہنماؤں نے دو سال کے دوران اپنے حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی عام انتخابات میں قوم پرست جماعتوں کے گڑھ پشتون آباد سے کامیاب ہوئے جس کے بعد انہوں نے حلقے میں ریکارڈ ترقیاتی کام کرائے ہیں جس حلقے کے عوام مستفید ہو رہے ہیں اور پشتون آباد اور گردونواح بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

ہم بلند و بانگ دعوؤں نہیں بلکہ عملی کام پر یقین رکھتے ہیں، نور محمد دمڑ

فنڈز کی منظوری کیلئے وفاقی و صوبائی حکومت سے رابطہ میں ہوں جلد ٹینڈرنگ کا عمل مکمل ہو کر ٹینڈر جاری ہوگا

حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع کی ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہوں، صوبائی وزیر

ہرنائی (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع کی ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہوں ہرنائی اسپین تنگی روڈ جو کہ 75 کروڑ کا منصوبہ تھا جس میں منظور کروایا تھا اور باقاعدہ اس کا افتتاح ہمارے مقرر کردہ ڈسٹرکٹ فوکل پرسن حاجی باز محمد دمڑ نے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو و ضلعی انتظامیہ اور دیگر محکموں کے آفیسران اور کارواں کے عہدیداروں کارکنوں قبائلی عمائدین کے ہمراہ کر دیا مذکورہ منصوبے کو وقت مقررہ پر معیاری میٹریل اور پی سی ون کے مطابق تعمیر اور تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے منصوبے کی نگرانی کریں گے تاکہ ہرنائی اسپین تنگی کے عوام روڈ سے زیادہ استفادہ حاصل کر سکے انہوں نے کہا کہ حلقہ پی بی سات زیارت کم ہرنائی بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بارکھان کے قبائلی رہنما عبدالکریم کھیتران ملاقات کر رہے ہیں

امتحانی عملے کی معمولی کوتاہی بھی قابل قبول نہیں ہوگی، ڈپٹی کمشنر بارکھان

بارکھان (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعلیم دوست وژن کے تحت ضلع بارکھان میں شفاف امتحانی نظام کے قیام کے لیے ضلعی انتظامیہ بھرپور انداز میں متحرک ہو گئی ہے۔ اسی سلسلے میں ڈپٹی بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس ڈیپارٹمنٹ کا ایک موثر اور بروقت کارروائی

دوران کارروائی منشیات اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے 20 کلوگرام چرس برآمد کرلی

خضدار (خ ن) ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس ڈیپارٹمنٹ نے ایک موثر اور بروقت کارروائی کے دوران منشیات اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے 20 کلوگرام چرس برآمد کرلی۔ محکمہ ایکسائز کے ترجمان کے مطابق یہ کارروائی ڈائریکٹر جنرل ساتھ زون محمد زمان خان کی خصوصی ہدایات پر عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کی قیادت ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر سلیم نے کی جبکہ نارکوٹکس انچارج ای میرزا کر باجوئی، انسپکٹر ممتاز علی اکبر بلوچ اور اہلکار بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ایف آئی اے کی کارروائی ایک مسافر جعلی پاسپورٹ کے ساتھ گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) امیگریشن نے تفتان بارڈر پر کارروائی کرتے ہوئے ایران سے آنے والے ایک مسافر کو جعلی پاسپورٹ کے ساتھ گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے نے تفتان بارڈر پر کارروائی کرتے ہوئے ایران سے آنے والے ایک مسافر کو جعلی پاسپورٹ کے ساتھ گرفتار کر لیا۔ ملزم کی شناخت محمد رضا کے نام سے ہوئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر صحبت پور، محترمہ فریدہ ترین کا امتحانی مرکز کا باقاعدہ دورہ

تعلیمی ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر صحبت پور

صحبت پور (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر صحبت پور، محترمہ فریدہ ترین نے گورنمنٹ انٹر کالج صحبت پور میں قائم انٹرمیڈیٹ امتحانی مرکز کا باقاعدہ دورہ کیا، جہاں انہوں نے امتحانی عمل اور مجموعی انتظامات کا تفصیلی اور جامع جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے امتحانی ہالز، سکیورٹی انتظامات، نگرانی کے مؤثر نظام، عملے کی حاضری اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران و بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین پل تا کرکراس کے روڈ کا افتتاح کر رہے ہیں

بلوچستان کے ضلع چاغی ہرنوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع چاغی ہرنوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق پہاڑی اور قدرتی ماحول میں ہرنوں کے بڑے بڑے جھنڈ آزادانہ طور پر نقل و حرکت کرتے دیکھے جا رہے ہیں، جو علاقے میں ماحولیاتی بہتری اور محفوظ مساکن کی نشاندہی کرتے ہیں۔ حکام کے مطابق سیکرٹری محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

گیس، بجلی کی لوڈشیڈنگ، مہنگائی نے عوام کا جینا حرام کر دیا ہے، نصراللہ زیرے

حکومتی اور سیکورٹی اخراجات میں کمی لا کر عوام پر مسلط ٹیکسوں کا بوجھ کم کیا جائے

صوبے میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور ٹارگٹ کلنگ کی نئی لہر پر فوری قابو پایا جائے، صوبائی صدر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے اور پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومت فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ واپس لے، گیس پریشر کی کمی اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کرے، حکومتی اور سیکورٹی اخراجات میں کمی لا کر عوام پر مسلط ٹیکسوں کا بوجھ کم کیا جائے، صوبے میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور ٹارگٹ کلنگ کی نئی لہر پر فوری قابو پایا جائے، علی وزیر سمیت تمام سیاسی اسیران کو رہا کیا جائے، جبکہ افغان کڈوال عوام کو ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کر کے انہیں پاکستان کے سٹیزن شپ ایکٹ 1951 کے تحت فوری شہریت دی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبے میں بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل سے انکے دفتر میں مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

میونسپل کمیٹی بھاگ نے وہ نمایاں کام کئے ہیں

میونسپل کمیٹی سب کا اپنا گھر ہے کیونکہ روزانہ ست کی بنیاد پر سائل آتے ہیں

بھاگ (آن لائن) میونسپل کمیٹی بھاگ نے وہ نمایاں کام کئے ہیں جو کاغذی کارروائی سے نکل کر باقاعدہ طور پر عوام کو گراؤنڈ پر نظر آئیں گے جہاں بھی اگر کوئی آفیسر رہے تو وہاں پر ایسے کام کرنے کہ وہ یادگار کے طور پر عوام کو یاد ہوں ان خیالات کا اظہار ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی بھاگ سید سلیم شاہ نے کیا انہوں نے کہا کہ بھاگ شہر میں بحیثیت ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی بھاگ میں نے میونسپل کمیٹی بھاگ کے خستہ حال دفتر کو بنانا میرے پہلے دن سے ہی یہی کوشش تھا کہ میونسپل کمیٹی بھاگ کے دفتر کو ایسا بنائیں کم از کم اٹھنے بیٹھنے کے قابل ہو کیونکہ یہ میونسپل کمیٹی سب کا اپنا گھر بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

جنوبی کوریا، امتحان میں فیل ہوجانے والوں کو کوئلے کی کان میں بھیجنے کا فیصلہ

سیئول (این این آئی) جنوبی کوریا میں تعلیمی سال 2026 کے آغاز میں متعارف کرائے گئے نئے امتحانی مضمون میں طلبا کی بڑی تعداد کے فیل ہوجانے کے بعد شمالی کوریا کی حکمران جماعت ورکرز پارٹی آف کوریا نے سینئر مڈل اسکولوں کا انتظام سخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

صبح وشام دو مرتبہ بائیومیٹرک حاضری لازمی قرار دینا اساتذہ کیلئے باعث تشویش ہے

اساتذہ کو ان کی اصل ذمہ داریوں یعنی تدریس و تحقیق تک محدود رکھا جائے، اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ بلوچستان کی انتظامیہ کی جانب سے اساتذہ کے لیے روزانہ صبح و شام دو مرتبہ بائیومیٹرک حاضری لازمی قرار دینے کے فیصلے نے اساتذہ کرام میں گہری تشویش اور بے چینی پیدا کر دی ہے۔ اس تناظر میں آج اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے کابینہ اراکین نے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا، جہاں اساتذہ نے کھل کر اپنے تحفظات اور خدشات کا اظہار کیا۔ اساتذہ کا موقف تھا کہ ان کی بنیادی ذمہ داری تدریس اور تحقیق ہے، اور انہیں اپنی توانائیاں بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

بنو قابل پروگرام تعلیم اور ہنر سے آراستہ کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے، ہدایت الرحمان

اس پروگرام کے ذریعے صوبے کے مختلف اضلاع میں نوجوانوں کو بااختیار بنایا جارہا ہے

بنو قابل بلوچستان کو ایک مثالی پروگرام بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) بنو قابل بلوچستان کی ریجنل مینجمنٹ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس الحمد اسلامک یونیورسٹی، ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے کی۔ اجلاس میں نائب امیر صوبہ و رئیس الحمد اسلامک یونیورسٹی ڈاکٹر عطیل روشن، ناظمہ جماعت اسلامی خواتین بلوچستان شازیہ عبداللہ، جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان مرتضیٰ خان کاکڑ، امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند، سیکرٹری الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان عثمان خان کاکڑ، ڈائریکٹر بنو قابل بلوچستان طیب فرید خان، اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان کے ناظم احسان اللہ ناصر سمیت دیگر اہم ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بنو قابل بلوچستان کے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

سانحہ یارو کے شہداء کے قاتلوں کی تاحال عدم گرفتاری ناقابل برداشت ہے، محمد عیسیٰ روشان

حکومت، انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی سستی، کاہلی، نااہلی اور عدم دلچسپی نے عوام میں شدید غم و غصہ پیدا کر دیا ہے

پشین (آن لائن) پشین کی سیاسی و جمہوری جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ سانحہ یارو کے شہداء کے قاتلوں کی تاحال عدم گرفتاری اب مزید قابل برداشت نہیں رہی۔ حکومت، انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی سستی، کاہلی، نااہلی اور عدم دلچسپی نے عوام میں شدید غم و غصہ پیدا کر دیا ہے، جس کے باعث عوام سخت احتجاج پر مجبور ہو رہے ہیں۔ اگر صورتحال یہی رہی تو اس کے تمام تر نتائج اور ذمہ داری حکومت اور متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری عبید اللہ عابد، تحریک انصاف کے ضلعی صدر شاہنواز کھرل، پشتونخوا ملی بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف کریک ڈاؤن تیز

انتظامیہ اور پولیس کی مشترکہ کارروائی میں مختلف علاقوں میں چھاپے مارے گئے

لورالائی (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا گیا ہے۔ یہ کارروائی ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ محمد حبیب شجاع کی خصوصی ہدایات اور اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی۔ انتظامیہ اور پولیس کی مشترکہ کارروائی میں مختلف علاقوں میں چھاپے مارے گئے، جس میں متعدد غیر قانونی مہاجرین کو حراست میں لے لیا گیا۔ اس آپریشن میں پولیس فورس کے ساتھ ایس آئی جہانگیر خان نے بھی حصہ لیا۔ گرفتار افراد کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان، تیل کی قیمتوں میں کمی اور اسٹاک ایکسچینج میں تیزی

نیویارک (این این آئی) اسرائیل اور لبنان کے درمیان 10 روزہ جنگ بندی اور امریکا اور ایران کے درمیان متوقع سیز فائر کی خبروں کے بعد پیٹرول کی قیمتوں میں بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ پنجگور کی جانب سے جرگہ ہال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

ایس ڈی او کیسکو سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندگان بھی موجود تھے

پنجگور (آن لائن) ضلعی انتظامیہ پنجگور کی جانب سے جرگہ ہال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف محکموں کے ضلعی سربراہان، سیاسی و سماجی رہنماؤں، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور عمائدین شہر نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر پنجگور افتخار تمیم اور ڈی ایس پی سٹی امیر جان بلوچ نے کی۔ اس موقع پر نمائندہ پنجگور رائفلز میجر حمزہ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن عزت اللہ بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عابد ریکی، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر عبدالغفار بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ظہور احمد بلوچ، ایکسین بی اینڈ آر ظریف بلوچ، ایس ڈی او بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

تونسہ تا درگئی شبوزئی روڈ کا منصوبہ علاقے کی ترقی کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، عبدالرزاق خجک

حکومت کی ترجیح ہے کہ عوامی فلاح کے ان منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خجک نے تونسہ تو درگئی شبوزئی روڈ پیکج نمبر 04 اور پیکج نمبر 05 پر جاری تعمیراتی پلوں کے کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر پروجیکٹ حاجی احمد سعید جعفر نے ڈپٹی کمشنر کو پلوں کی تعمیر اور سڑک کے دیگر ڈھانچے پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ معائنے کے دوران ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق خان خجک نے متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کیں کہ پلوں کی تعمیر سمیت منصوبے کی بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تونسہ تا درگئی شبوزئی روڈ کا منصوبہ علاقے کی ترقی کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔


اسسٹنٹ کمشنر کچلاک احسام الدین کاکڑ سب ڈویژن کچلاک میں امتحانی مرکز کا جائزہ لے رہے ہیں